Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 بدھ، 14 جون 2023ء، 24 ذیقعد 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 58

چیف جسٹس نے کہا کہ جن کے پیسے واپس کرنے ہیں واپس کریں، ورنہ پراپرٹی ان کے حوالے کی جائے، اس مسئلے کا ای او بی آئی کو حل نکالنا ہوگا

ای او بی آئی کیس سپریم کورٹ کا 6 ہفتوں میں مسئلہ حل کرنے کا حکم

سپریم کورٹ نے ای او بی آئی کو 6 ہفتوں میں جائیدادوں کے تنازع سے متعلق فیصلہ کرنے کا حکم دیدیا، عدالت نے پیشرفت سے متعلق آگاہ رکھنے کی بھی ہدایت کردی

جن کے کروڑوں پھنسے ہوئے ہیں وہ بھی پاکستانی شہری ہیں، ای او بی آئی ایک بڑا ادارہ ہے، اسے دوبارہ اپنے پاں پر کھڑا کریں، امید ہے ای او بی آئی دیانت داری کے ساتھ فیصلہ کرے گا

اسلام آباد (نامہ نگار) سپریم کورٹ نے ای او بی آئی کو 6 ہفتوں میں جائیدادوں کے تنازع سے متعلق فیصلہ کرنے کا حکم دیدیا، عدالت نے پیشرفت سے متعلق آگاہ رکھنے کی بھی ہدایت کردی۔ ای او بی آئی کیس میں متاثرین کے وکیل مخدوم علی خان نے 10 سال سے ادائیگیاں نہ ہونے کا نکتہ اٹھایا تو چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا 10 سال کے مقابلے میں آج پراپرٹی کی قیمتیں کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ جن کے کروڑوں پھنسے ہوئے ہیں وہ بھی پاکستانی شہری ہیں، ای او بی آئی ایک بڑا ادارہ ہے، اسے دوبارہ اپنے پاں پر کھڑا کریں، امید ہے ای او بی آئی دیانت داری کے ساتھ فیصلہ کرے گا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ جن کے پیسے واپس کرنے ہیں واپس کریں، ورنہ پراپرٹی ان کے حوالے کی جائے، اس مسئلے کا ای او بی آئی کو حل نکالنا ہوگا۔ بعدازاں سپریم کورٹ آف پاکستان نے ای او بی آئی حکام کی مہلت کی استدعا پر کیس کی مزید سماعت اگست تک ملتوی کردی۔ انہوں نے کہا کہ جن کے کروڑوں پھنسے ہوئے ہیں وہ بھی پاکستانی شہری ہیں، ای او بی آئی ایک بڑا ادارہ ہے، اسے دوبارہ اپنے پاں پر کھڑا کریں، امید ہے ای او بی آئی دیانت داری کے ساتھ فیصلہ کرے گا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ جن کے پیسے واپس کرنے ہیں واپس کریں، ورنہ پراپرٹی ان کے حوالے کی جائے، اس مسئلے کا ای او بی آئی کو حل نکالنا ہوگا۔ بعدازاں سپریم کورٹ آف (بقیہ نمبر 1)

نواز شریف الیکشن سے پہلے پاکستان میں ہونگے مریم اورنگزیب

مسلم لیگ ن الیکشن کیلئے تیار ہے اور میدان میں آچکی ہے، وفاقی وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت کی آئینی مدت اگست میں ختم ہوجائے گی، نگران حکومت آکر الیکشن کرائے گی۔ وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ مسلم لیگ)ن (الیکشن کیلئے تیار ہے اور میدان میں آ چکی ہے، (بقیہ نمبر 4)

عوام پر مہنگائی کا بوجھ کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں مصدق ملک

مہنگائی کا بوجھ کم کرنے کیلئے تگ ودو کر رہے ہیں، ہماری ہر پالیسی کا محور پاکستان ہے، وزیر مملکت پٹرولیم

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر مملکت پٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ مہنگائی کا بوجھ کم کرنے کیلئے تگ ودو کر رہے ہیں، ہماری ہر پالیسی کا محور پاکستان ہے، روس سے درآمد شدہ تیل سے جلد عوام مستفید ہوں گے، ملکی تاریخ میں پہلی بار روس سے تیل پاکستان پہنچا (بقیہ نمبر 3)

گلگت میں ٹریفک حادثہ وزیر اعلیٰ کے کوآرڈینیٹر سمیت 3 افراد جاں بحق

وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کے کوآرڈینیٹر مزمل، ان کے والد اور والدہ جان کی بازی ہار گئے، جبکہ بہن شدید زخمی ہوئی ہے

گلگت (خصوصی رپورٹر) گلگت میں تیز رفتار گاڑی کھائی میں جا گری، وزیر اعلیٰ کے کوآرڈینیٹر سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گلگت سے سکردو جاتے ہوئے شینگس کے مقام پر گاڑی تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر کھائی میں گر گئی جس (بقیہ نمبر 2)

بجٹ 2023-24 نوجوان کی ترقی کاروبار اور روزگار کا تاریخی بجٹ ہے، مایوسیوں کو مٹانا، ملک وقوم کی تعمیر، ترقی اور خوشحالی سے نیا اعتماد اور امید بحال کرنا ہوگی

بجٹ 2023-24 نوجوان کی ترقی

کاروبار و روزگار کا تاریخی بجٹ ہے وزیر اعظم

آئندہ مالی سال پاکستان اور عوام کی آمدن بڑھانے کا سال ثابت ہوگا، اِنشاءاللہ۔ صنعت، زراعت، آئی ٹی، توانائی کے شعبوں میں تیزی سے ترقی اور معاشی استحکام کا بجٹ ہے، وزیر اعظم

نوجوانوں کو روزگار مانگنے والے کے بجائے روزگار دینے والا کاروباری بنانے کے مواقع شامل ہیں، نوجوان ملک کا مستقبل ہیں اور نوجوان کا مستقبل سنوارنا ہمیشہ کی طرح میری اولین ترجیح ہے

چھوٹے اور رعایتی قرض دے رہے ہیں، نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے بجٹ میں آئی ٹی کاروبار میں ٹیکس کی چھوٹ دی ہے، 2 ہزار ارب روپے سے زائد کسان پیکج سے زراعت اور کسان کی بہتری کا سفر مزید تیز ہوگا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بجٹ 2023-24 نوجوان کی ترقی کاروبار اور روزگار کا تاریخی بجٹ ہے، مایوسیوں کو مٹانا، ملک وقوم کی تعمیر، ترقی اور خوشحالی سے نیا اعتماد اور امید بحال کرنا ہوگی۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ آئندہ مالی سال پاکستان اور عوام کی آمدن بڑھانے کا سال ثابت ہوگا، انشاءاللہ۔ صنعت، زراعت، آئی ٹی، توانائی کے شعبوں میں تیزی سے ترقی اور معاشی استحکام کا بجٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار مانگنے والے کے بجائے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیر اعظم کی سمندری طوفان کے پیش نظر حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت

حکومت عوام کو پرائز بانڈز کا تبادلہ/نقد کرانے کا ایک اور موقع فراہم، تاریخ میں 30 جون تک توسیع

لاہور (نیوز رپورٹر) حکومت نے عوام الناس کی سہولت کے لیے 7,500 روپے (بقیہ نمبر 6)

اے سی گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان کا وزٹ

ہسپتال میں ایڈمٹ مریضوں سے گورنمنٹ کی جانب سے ملنے والی بنیادی سہولیات کے متعلق دریافت کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان کا دورہ ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ اور چائلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر عامر نے انکو تمام ہسپتال کا وزٹ کروایا اے سی گوجرخان نے ہسپتال میں جاری رینوویشن کے (بقیہ نمبر 7)

سوشل میڈیا پر پراپیگنڈا مہم کے تانے بانے دشمن ملکوں سے مل رہے ہیں رانا ثناء اللہ

9 مئی کے حوالے سے تحقیقات ہو رہی ہیں، آنے والے دنوں میں حیران کن اعداد و شمار سامنے آئیں گے

چیئرمین پی ٹی آئی باقاعدہ بغاوت کی تیاری کر رہا تھا، ملک پر قابض ہو کر اپنے گھٹیا ایجنڈے کو نافذ کرنے کی کوشش کر رہا تھا، وزیر داخلہ

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ 9 مئی کے حوالے سے تحقیقات ہو رہی ہیں، آنے والے دنوں میں حیران کن اعداد و شمار سامنے آئیں گے، چیئرمین پی ٹی آئی باقاعدہ بغاوت کی تیاری کر رہا تھا، ملک پر قابض ہو کر اپنے گھٹیا ایجنڈے کو نافذ کرنے کی کوشش کر (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: سوشل میڈیا پر پراپیگنڈا مہم کے تانے بانے دشمن ملکوں سے مل رہے ہیں: رانا ثناءاللہ

کوئی مسٹر اے چلا بھی جائے تو مسٹر بی ایکٹیو ہوگا چیف جسٹس

چیف جسٹس نے جواب دیا کہ تحقیقاتی ٹیم کا دورہ کینیا لاحاصل مشق تھی؟ تحقیقات میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی

البتہ یہ بھی دیکھنا ہے کہ ارشد شریف کینیا کیوں گئے، اس گاڑی کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے جب کہ دیکھنا ہوگا قاتل کون تھا؟

اسلام آباد (نامہ نگار) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال کا کہنا ہے کہ ارشد شریف قتل کیس میں دلچسپی ختم نہیں ہونے دیں گے، کوئی مسٹر اے چلا بھی جائے تو مسٹر بی ایکٹیو ہوگا۔ سپریم کورٹ میں چیف جسٹس کی سربراہی میں پانچ رکنی لارجر بینچ نے ارشد شریف قتل ازخود نوٹس کیس (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد پولیس کی جانب سے علی افضل ساہی کی گرفتاری کی تردید

گرفتاری نہیں ہوئی، علی احمد ساہی عدالت سے ضمانت پر ہیں، ترجمان اسلام آباد پولیس

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد پولیس کی جانب سے سابق صوبائی وزیر علی افضل ساہی کی گرفتاری کی تردید کردی گئی۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کا کہنا ہے کہ علی احمد ساہی کو گرفتار (بقیہ نمبر 9)

علیمہ خان نے خفیہ مقدمات میں گرفتاری سے روکنے کیلیے ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے خفیہ مقدمات میں گرفتاری سے روکنے کیلیے ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا، علیمہ خان نے اپنے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات کی بھی استدعا کردی، دائر درخواست میں پنجاب حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ علیمہ خان کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کیں جائیں، عدالت کی اجازت کے (بقیہ نمبر 11)

انچارج چوکی قاضیاں چوہدری اسلم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ

ملزم سے چرس برآمد مکروہ دھندہ کرنے والے یہ کام چھوڑ دیں یا پھر علاقہ چھوڑ دیں، چوہدری اسلم

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز کی سربراہی میں پولیس چوکی قاضیاں منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ انچارج چوکی چوہدری محمد اسلم نے ہمراہ پولیس ٹیم کے مخبر خاص کی اطلاع پر شرقی علاقے پکا کھوہ سے منشیات کا مکروہ دھندہ کرنے والے قاسم (بقیہ نمبر 10)

ضلعی حکومت کا روٹی 15 روپے نان 20 میں فروخت نہ کرنے کا نوٹس

فون نمبر 9292530 پر کال کر کے عوام شکایت درج کروا سکیں گے، جرمانے اور قید کی سزائیں ملیں گی

صحافیوں نے اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر کینٹ کو اشیائے صرف خصوصا روٹی نان دودھ دہی کی سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد کروانے کی درخواست کی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ضلعی حکومت نے روٹی اور نان سرکاری قیمت پر فروخت نہ کرنے والے نان بائیوں کا سخت نوٹس لے لیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ راولپنڈی نے آٹے کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے بعد نان 20 اور روٹی 15 روپے کرنے کا اعلان کیا تھا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ (بقیہ نمبر 20)

لاہور: شعبہ ابلاغ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کے طلباء وطالبات کے وفد کا ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب کے دورہ کے موقع پر ڈی جی پی آر روبینہ افضل اور ڈائریکٹر فلمز حامد جاوید کے ہمراہ گروپ فوٹو

بجٹ غریب پرور نہیں، چیئرمین پی اے سی نور عالم خان حکومت پر برس پڑے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نور عالم خان نے کہا کہ بجٹ پر بحث جاری ہے مگر وزراء موجود ہی نہیں سیدھی بات کروں گا پالش کرنا مجھے نہیں آتا وزراء صرف لمبی لمبی گاڑیوں میں نظر آتے ہیں یہاں نہیں اس بجٹ میں عوام کیلیے کیا ہے کچھ بھی نہیں یہ ماضی کے بجٹ کی طرح (بقیہ نمبر 19)

پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت پر سماعت (آج) تک ملتوی

لاہور (نیوز رپورٹر) اینٹی کرپشن عدالت نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت پر سماعت (آج) بدھ تک ملتوی کر دی۔ منگل کو صدر پی ٹی آئی پرویز الٰہی کیخلاف پنجاب اسمبلی میں بھرتیوں میں بدعنوانی کے کیس کی سماعت اینٹی (بقیہ نمبر 22)

بشریٰ بی بی کیخلاف ملک بھر میں درج مقدمات کی تفصیلات طلب

سندھ اور پنجاب میں بشریٰ بی بی کیخلاف کوئی مقدمہ نہیں، سرکاری وکیل

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کے خلاف ملک بھر میں درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس امجد رفیق (بقیہ نمبر 21)

ملکی غذائی نظام میں اصلاحات کے لیے حکومت پاکستان ہمہ وقت کوشاں ہے

پی اے آر سی غذائی تحفظ کیلئے آب و ہوا سے ہم آہنگ اور غذائیت سے بھرپور خوراک کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم، ڈاکٹر غلام محمد علی

پاکستان نیشنل فوڈ سسٹم ٹرانسفارمیشن پاتھ وے " کی پیشرفت کا جائزہ لینے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک قومی مشاورت کا اہتمام کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) غذائیت سے بھرپور خوراک کی رسائی کو بڑھانے اور 2030 تک عالمی اہداف کو پورا کرنے کے لیے حکومت پاکستان کے اقدامات کو بڑھانے کے لیے، وزارت قومی غذائی تحفظ اور تحقیق نے "پاکستان نیشنل فوڈ سسٹم ٹرانسفارمیشن پاتھ وے " کی پیشرفت کا جائزہ لینے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک قومی مشاورت کا اہتمام کیا۔ "پاکستان فوڈ سسٹمز کو تبدیل کرنے کے لیے قومی طرز عمل اور پالیسیوں کی صف بندی " کے عنوان سے ہونے والی اس مشاورت کا مقصد ملک کے غذائی نظام کو تبدیل کرنے کے مقصد کے ساتھ قومی طرز عمل اور پالیسیوں کی صف بندی کو مضبوط بنانا تھا۔ قومی مشاورت کا اہتمام حکومت پاکستان کی مضبوط سیاسی وابستگی کے تحت کیا گیا جو "اقوام متحدہ فوڈ سسٹم سٹ اسٹاک ٹیکنگ مومنٹ 2023 تک لے کر جائے گا۔ اس اہم تقریب کا افتتاح پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) کے چیئرمین، ڈاکٹر غلام محمد علی نے کیا اور اختتام جناب اعجاز احمد باجوہ، (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: پاکستان نیشنل فوڈ سسٹم ٹرانسفارمیشن پاتھ وے " کی پیشرفت کا جائزہ لینے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک قومی مشاورت کا اہتمام کیا، پر اگریس ریویو پروگرام کے دوران گروپ فوٹو

جنوبی پنجاب کا خطہ سب سے آگے ہے اور 43 لاکھ 45 ہزار ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت مکمل کر لی گئی ہے

نگران وزیر اعلیٰ کی قیادت میں پنجاب حکومت نے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا

پنجاب میں 50 لاکھ ایکڑ پر کپاس کی کاشت کا ٹارگٹ مقرر کیا گیا تھا جس میں سے 96 فیصد ہدف حاصل کر لیا گیا

ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساوتھ پنجاب کیپٹن ر ثاقب ظفر کی زیر صدارت کپاس کی فصل بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی صوبہ میں کپاس کی کاشت کی بحالی کے لئے کاوشیں رنگ لے آئیں۔ پنجاب میں 50 لاکھ ایکڑ پر کپاس کی کاشت کا ٹارگٹ مقرر کیا گیا تھا جس میں سے 96 فیصد ہدف حاصل کر لیا گیا ہے۔ کپاس کی کاشت کے حوالے سے جنوبی پنجاب کا خطہ سب سے آگے ہے اور 43 لاکھ 45 ہزار ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت مکمل کر لی گئی ہے۔ اس طرح گزشتہ برس کے مقابلے میں (بقیہ نمبر 12)

لاہور: مریم نواز سے عبیداللہ خان شادی خیل کی ملاقات، میانوالی کے مسائل سے آگاہ کیا

ڈگری حیسکو کے اعلی افسران پر شیڈول سے زیادہ لوڈشیڈنگ کرنے پر کیس داخل

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری حیسکو کے اعلی افسران پر شیڈول سے زیادہ لوڈشیڈنگ کرنے پر کیس داخل جنرل سیکریٹری تعلقہ بار ایسوی ایشن ڈگری ممتاز وکیل انور خاصخیلی صاحب نے ایڈوکیٹ فدا حسین آرائیں کی وساطت سی ڈگری سول جج اینڈ جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں (بقیہ نمبر 16)

پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی طبیعت ناساز

اسلام آباد سے واپسی پر طبیعت ناساز ہوئی، ڈاکٹرز نے آرام کی ہدایت کر دی

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی طبیعت ناساز ہو گئی۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ سابق وزیر اعظم کو بخار اور تھکن کی شکایت ہے، عمران خان کی (بقیہ نمبر 14)

لاہور: چیئرمین نادرا ملک طارق نے اپنا استعفیٰ وزیر اعظم کو پیش کردیا

APRNS کے صدر چوہدری غلام مرتضی جٹ کی طرف سے پرتکلف ظہرانہ

ڈاکٹر ندیم خان بھٹی چیف ایڈیٹر روزنامہ حاوی رپورٹ لاہور کی قیادت میں وفد کی ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے صدر چوہدری غلام مرتضی جٹ سے ڈاکٹر ندیم خان بھٹی چیف ایڈیٹر روزنامہ حاوی رپورٹ (بقیہ نمبر 15)

وزیر اعظم پاکستان سے چیئرمین نادرا کی ملاقات

ملاقات کے دوران چیئرمین نادرا محمد طارق ملک نے اپنا استعفیٰ پیش کر دیا ہے

ملاقات کے بعد میڈیا کو جاری کئے گئے بیان میں طارق ملک نے کہا کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات کے دوران چیئرمین نادرا محمد طارق ملک نے اپنا استعفیٰ پیش کر دیا ہے۔ وزیر اعظم ہاؤس میں ہونے والی ملاقات کے دوران محمد شہباز شریف نے چیئرمین نادرا کے طور پر طارق ملک کی خدمات کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی ملکی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ملاقات کے بعد میڈیا (بقیہ نمبر 18)

استحکام پاکستان پارٹی سے ملکی سیاست پر فرق نہیں پڑے گا شاہد خاقان عباسی

استحکام پاکستان پارٹی سے ملکی سیاست پر فرق نہیں پڑے گا، حکومتی پرفارمنس بارے عوام الیکشن میں بتائیں گے

استحکام پاکستان پارٹی سے ملکی سیاست پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، ملکی سیاست پر استحکام پارٹی کا اثر پڑا تو منفی ہی ہوگا

اسلام آباد (خبر نگار) احتساب عدالت نے شاہد خاقان عباسی و دیگر کیخلاف ایل این جی ریفرنس پر سماعت 16 جولائی تک ملتوی کردی۔ منگل کو احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے ایل این جی ریفرنس پر سماعت کی، سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت پیش ہوئے (بقیہ نمبر 17)

ایس ایچ او تھانہ گوجرخان اور انکی ٹیم کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

ملزم سے پسٹل بمعہ روند برآمد مقدمہ درج کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان انکی ٹیم کا ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی ملزم مسمی علی جان ساکن جھنڈا وارڈ نمبر 27 سے پسٹل 30 بور 4 روند زندہ برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 819/23 بجرم 13/2015(2)a درج تھانہ گوجرخان کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ بڑھتے ہوئے جرائم کی روک تھام (بقیہ نمبر 23)

9 مئی ہنگامہ آرائی کیس، شاہ محمود قریشی کی ضمانت منظور

ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا کی عدالت میں شاہ محمود قریشی پیش ہوئے

شاہ محمود قریشی قانون کی بالادستی کی بات کرتے ہیں، کوئی مسئلہ نہیں ہے، وکیل علی بخاری

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عدالت نے 9 مئی ہنگامہ آرائی کیس میں شاہ محمود قریشی کی ضمانت منظور کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں رہنماء پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی کے خلاف تھانہ ترنول میں درج 9 مئی ہنگامہ آرائی کیس کی سماعت ہوئی۔ ایڈیشنل سیشن جج (بقیہ نمبر 29)

کراچی: بپر جوائے بپھر گیا، گرد آلود تیز ہوائیں چلنے لگیں

کراچی میں چلنے والی ہواؤں کی رفتار آج 36 سے 45 کلومیٹر فی گھنٹہ رہے گی

مشرق اور شمال مشرق سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل رہی ہیں

کراچی (خبر نگار) طوفان بپر جوائے بپھر گیا، اس کے اثرات کراچی میں سامنے آنے لگے، شہر میں گرد آلود تیز ہوائیں چلنا شروع ہو گئیں۔ شہر قائد میں مشرق اور شمال مشرق سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل رہی ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں چلنے والی ہواؤں کی رفتار آج 36 سے 45 کلومیٹر فی گھنٹہ رہے گی۔ اس وقت شہر کا درجہ حرارت 37.6 ڈگری سینٹی گریڈ ہے، جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 37 فیصد ہے۔ موسمیاتی تجزیہ کار جواد میمن نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کئی سال سے (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد اور راولپنڈی کے سنگم پر واقع آئی جے پی روڈ کا نام تبدیل کر دیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد اور راولپنڈی کے سنگم پر واقع آئی جے پی روڈ کا نام تبدیل کر دیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے کے مطابق آئی جے پی روڈ کو 1999 میں کارگل جنگ میں شہید ہونے والے کرنل شیر خان سے منسوب کر دیا گیا (بقیہ نمبر 25)

عدالت نے محمود الرشید کے جوڈیشل ریمانڈ میں 14 روز کی توسیع کر دی

لاہور (جنرل رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے پی ٹی آئی رہنما محمود الرشید کی جوڈیشل ریمانڈ میں 14 روز کی توسیع کر دی۔ اے ٹی سی کی ایڈمن جج عبہر گل خان نے تھانہ شادمان نذر آتش کیس کی سماعت کی، اس دوران میاں محمود الرشید کو جوڈیشل ریمانڈ ختم ہونے پر عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے محمود الرشید کے (بقیہ نمبر 27)

رکن سندھ اسمبلی علی عزیز جی جی کا تحریک انصاف سے علیحدگی کا اعلان

کراچی (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رکن سندھ اسمبلی علی عزیز جی جی نے پارٹی سے علیحدگی کا اعلان کر دیا۔ اپنے وڈیو پیغام میں رکن سندھ اسمبلی علی عزیز جی جی نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی بھرپور مذمت کرتا ہوں، جو لوگ اس میں ملوث ہیں ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔ (بقیہ نمبر 28)

24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 2 کیس رپورٹ

24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے ایک ہزار 60 ٹیسٹ کیے گئے

کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا تاہم 7 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے

اسلام آباد (خبر نگار) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 2 کیس رپورٹ ہوئے اور 7 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ منگل کو قومی ادارہ صحت این آئی ایچ کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے ایک (بقیہ نمبر 24)

نئے بجٹ سے آئی ٹی، ایس ایم ای، زراعت اور سولر انرجی کو فروغ ملے گا، محمد احمد

نیا بجٹ آئی ٹی، ایس ایم ای، زراعت اور شمسی توانائی کو فروغ دینے میں مد ثابت ہوگا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسلام آباد انڈسٹریل ایسوسی ایشن کے صدر محمد احمد نے پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس میں بتایا کہ نیا بجٹ آئی ٹی، ایس ایم ای، زراعت اور شمسی توانائی کو فروغ دینے میں مد ثابت ہوگا لیکن صنعتکاروں کو خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوگا۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ کوئی نیا ٹیکس نہیں لگے گا لیکن 150 ملین کمانے والوں پر بھی سپر ٹیکس لگا دیا گیا ہے جو پہلے 300 ملین کمانے والوں پر لاگو تھا صنعتی شعبہ کے لیے اینرجی ٹیرف کی شرح بہت بلند ہے۔ نوجوانوں کے لیے کاروبار میں 30 سال کی عمر تک (بقیہ نمبر 26)

نئے بجٹ سے آئی ٹی، ایس ایم ای، زراعت اور سولر انرجی کو فروغ ملے گا لیکن صنعتکاری کیلئے زیادہ پرکشش نہیں ہے، محمد احمد

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

لینڈ سٹائنر کی یوم پیدائش اور خون عطیات کا عالمی دن

دنیا میں مختلف عالمی دن منانے کے لئے کسی بھی دن کا انتخاب متعلقہ دن کے کسی بھی خاص واقعہ کی یادداشت کے ساتھ ہوتا ہے۔ آج 14 جون کو دنیا بھر میں خون عطیات کا دن منایا جاتا ہے اور اس دن کے انتخاب کے لئے کارل لینڈ سٹائنر کی پیدائش کے دن کو کیا گیا۔ جب میں نے اس پر تحقیق کی تو اس پتہ چلا کہ خون کی منتقلی اور امیونولوجی کے شعبے میں کارل لینڈ سٹائنر کی نمایاں کردار خون کے عطیہ کے عالمی دن کی اہمیت کے ساتھ جڑی ہوئی ہیں۔ یہ عالمی دن، جو 14 جون کو منائی جاتی ہے، لینڈ سٹائنر کی سالگرہ کی یاد میں منائی جاتی ہے جبکہ رضا کارانہ خون کے عطیہ کی اہمیت اور دنیا بھر میں لاتعداد افراد پر اس کے جان بچانے والے اثرات کو بھی اجاگر کیا جاتا ہے۔ لینڈ سٹینر کی ABO بلڈ گروپ سسٹم کی اہم دریافت نے ٹرانسفیوژن میڈیسن کے شعبے میں انقلاب برپا کر دیا۔ مخصوص اینٹیجنز کی موجودگی کی بنیاد پر خون کو الگ الگ گروپوں میں درجہ بندی کر کے، لینڈ سٹینر کی تحقیق نے خون کی مطابقت اور منتقلی کے محفوظ طریقوں کو سمجھنے کی بنیاد فراہم کی۔ اس کے کام نے عطیہ دہندگان اور وصول کنندگان کے درمیان خون کی اقسام کو ملانے کی ضرورت پر زور دیا تا کہ ممکنہ طور پر جان لیوا مدافعتی ردعمل سے بچا جا سکے۔ عالمی ادارہ صحت (WHO) اور انٹرنیشنل فیڈریشن آف ریڈ کراس اینڈ ریڈ کریسنٹ سوسائٹیز (IFRC) کے ذریعہ قائم کردہ خون کے عطیہ کا عالمی دن رضا کارانہ خون کے عطیہ کی ضرورت کے بارے میں عالمی سطح پر شعور اجاگر کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتا ہے۔ اس منانے کے لیے 14 جون کو مقرر کردہ دن کے طور پر منتخب کرنا Landsteiner کی شراکت کا احترام کرتا ہے اور اس کے علمبردار جذبے کو مناتا ہے۔ لینڈ سٹینر کے کام اور خون کے عطیہ کے عالمی دن کے درمیان تعلق واضح ہو جاتا ہے کیونکہ یہ دن اس اہم کردار کی نشاندہی کرتا ہے جو خون کے عطیہ دہندگان زندگیاں بچانے میں ادا کرتے ہیں۔ یہ رضا کارانہ عطیہ دہندگان کی بے لوثی اور سخاوت کو تسلیم کرتا ہے جو ضرورت مندوں کی مدد کے لیے اپنا خون دیتے ہیں۔ خون کے عطیہ دہندگان کے تعاون کے بغیر، بہت سے طبی علاج، سرجری، اور ہنگامی مداخلتوں پر شدید سمجھوتہ کیا جائے گا۔ مزید برآں، بلڈ گروپس کے بارے میں لینڈ سٹینر کی تحقیق اور بعد میں ٹرانسفیوژن میڈیسن میں ہونے والی پیش رفت نے مریضوں کے لیے محفوظ اور مناسب خون کی فراہمی کو یقینی بنانا ممکن بنایا ہے۔ خون کے عطیہ کے عالمی دن کا مقصد خون کے باقاعدگی سے عطیات دینے کی جاری ضرورت پر زور دینا اور زیادہ سے زیادہ افراد کو رضا کارانہ عطیہ دہندگان بننے کی ترغیب دینا ہے۔ بیداری کو بڑھا کر اور شرکت کو فروغ دے کر، یہ مشاہدہ خون کی مصنوعات کی طلب کو پورا کرنے اور دنیا بھر میں مریضوں کے لیے محفوظ اور ہم آہنگ خون تک بروقت رسائی کو یقینی بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ خون کے عطیہ کے عالمی دن کے لیے ہر سال منتخب کیے جانے والے موضوعات اکثر خون کی منتقلی کے میدان میں اہم مسائل اور چیلنجوں سے ہم آہنگ ہوتے ہیں۔ یہ موضوعات خون کے عطیہ کو فروغ دینے اور مخصوص خدشات جیسے خون کی حفاظت، رسائی، اور ہنگامی حالات کے دوران خون کے عطیہ کی اہمیت کو دور کرنے کے لیے مرکوز مباحثوں، تعلیمی مہمات، اور کمیونٹی ایونٹس کی ترغیب دیتے ہیں۔ خون کے گروپوں کی تفہیم میں کارل لینڈ سٹینر کی یادگار شراکت اور طبی سائنس کو آگے بڑھانے کے لیے ان کی لگن نے خون کے عطیہ کے عالمی دن کی کامیابی اور اثرات کی راہ ہموار کی ہے۔ اس کا علمی جذبہ، سائنسی سختی، اور صحت کی دیکھ بھال کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے غیر متزلزل عزم افراد، تنظیموں اور قوموں کو زندگی بچانے اور صحت عامہ کو فروغ دینے کے ایک اہم پہلو کے طور پر خون کے عطیہ کو ترجیح دینے کی ترغیب دیتا ہے۔ کارل لینڈ سٹائنر کا کام اور خون کے عطیہ کے عالمی دن کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ خون کے گروپوں کے بارے میں لینڈ سٹینر کی دریافتوں نے محفوظ منتقلی کے طریقوں اور عطیہ دہندگان اور وصول کنندگان کے درمیان خون کی اقسام کے ملاپ کی بنیاد بنائی ہے۔ خون کے عطیہ کا عالمی دن، جو لینڈ سٹائنر کی سالگرہ پر منایا جاتا ہے، رضا کارانہ خون کے عطیہ کی اہمیت اور خون کے عطیہ دہندگان کے کافی اور محفوظ خون کی فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار کو تسلیم کرتا ہے۔ یہ تہوار خون کے عطیہ کی اہمیت کے بارے میں عالمی سطح پر بیداری پیدا کرنے اور زیادہ سے زیادہ افراد کو باقاعدہ عطیہ دہندگان بننے کی ترغیب دینے کے لیے ایک اتپریرک کے طور پر کام کرتے ہوئے لینڈ اسٹائنر کی اہم شراکتوں کا جشن مناتا ہے۔ لینڈ اسٹائنر کی یوم پیدائش اور خون کے عطیہ کا عالمی دن ایک ساتھ مل کر دنیا بھر میں زندگیاں بچانے اور صحت کی دیکھ بھال کے نتائج کو بہتر بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

تحریر: آصف علی یعقوبی

"پیسہ کہاں سے آئے گا"

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

ایک کمپنی نے نوکری کیلئے اشتہار دیا اور سیلری بہت پرکشش رکھی سیلری اتنی پرکشش تھی کہ سب حیران تھے درخواستیں دینے والوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں ہر ایک کی خواہش تھی کہ یہ جاب اسے ملے کیونکہ تنخواہ جو پرکشش تھی سلیکشن مکمل ہوئی اور جو لوگ بھرتی ہوئے ان کو تنخواہ کے متعلق بتایا جانے لگا لمبی تقریریں چلیں آخر میں کمپنی کے مالک کا خطاب تھا سب سلیکٹ ہونیوالے خوش تھے کہ وہ کمال کی نوکری ملی ہے وہ دل ہی دل میں نا جانے کہاں سے کہاں پہنچ گئے اسی اثنا میں کمپنی کے مالک کا خطاب شروع ہوا اور سب متوجہ ہوئے مالک نے بھی بڑی پرکشش باتیں کیں اور تقریر کے اختتام پہ کہا کہ میرے بچوں یہ سب کچھ آپ کو ضرور ملے گا لیکن ہماری کمپنی کا ایک مسئلہ ہے ہمارے پاس ایک روپیہ بھی نہیں ہے بس آپ سب نے مل کر یہ پیسے اکٹھے کرنے ہیں اور پھر آپ کی موجیں ہوں گی موجیں۔

9 جون کو قومی اسمبلی میں 144 کھرب 60 ارب روپے کا خسارے کا بجٹ پیش کر دیا گیا جس میں مجموعی خسارہ 69 کھرب 24 ارب روپے ہے 11 کھرب کا ترقیاتی پروگرام ترتیب دیا گیا ہے قرض کی ادائیگیوں کیلئے 73 کھرب روپے رکھے گئے ہیں۔

اس بجٹ میں تعلیم کیلئے 81.9 ارب روپے صحت کیلئے 22.8 ارب روپے, دفاع کیلئے 1804 ارب جبکہ سول انتظامیہ کیلئے 714 ارب روپے رکھے گئے ہیں یوٹیلٹی اسٹورز پر مستحق افراد کیلئے 35 ارب روپے رکھے گئے ہیں, بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیلئے 450 ارب روپے , صحافیوں کیلئے ہیلتھ انشورنس کیلئے ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں, آئندہ انتخابات کیلئے 42 ارب 41 کروڑ روپے جبکہ سکیورٹی کیلئے 15 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔

یہ بجٹ اس وقت پیش کیا گیا ہے جب پاکستان کی پیسوں کے حصول کیلئے آئی ایم ایف سے مذاکرات پہ مذاکرات جاری ہیں اور باوجود کوششوں کے ڈیل فائنل نہیں ہو رہی ملک میں جاری عدم استحکام نے ملک کی جڑیں ہلا کر رکھ دی ہیں خارجہ پالیسی کا بقول وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر یہ حال ہے کہ دوست ممالک بھی ہم پر اعتبار نہیں کر رہے اور انہوں نے بھی مدد سے انکار کر دیا ہے اسکی واضح مثال کچھ عرصہ پہلے سعودی وزیر خزانہ کا وہ بیان تھا کہ جس میں انہوں نے اشارتاً کہا تھا کہ سعودی عرب اب مزید امداد کرنے سے قاصر ہے دوست ممالک اب اپنے پاں پر کھڑا ہونے کی کوشش کریں سعودی عرب اب کچھ دو کچھ لو کے مصداق عمل کرے گا۔

چین جو ہمارا دیرینہ دوست ہے جس نے ہر مشکل میں ہماری مدد کی ہے لیکن اب وہ بھی ہمیں بوجھ سمجھنے لگ گیا ہے اور اس نے بھی اب اپنی شرائط منوانی شروع کر دی ہیں۔

متحدہ عرب امارات اور باقی عرب ریاستیں بھی بغیر مفاد کے کچھ دینے سیانکاری ہیں امریکہ بادشاہ خود ڈیفالٹ کے دہانے پر ہے اگر جو بائیڈن انتظامیہ کے ریپبلکن کیون میکارتھی اور کانگریس سے معاملات بگڑتے ہیں تو وہ بلوں کی ادائیگیاں نہیں کر پائیں گے جس کی وجہ سے ملک کو ڈیفالٹ کا خطرہ ہے بظاہر معاملات طے پا گئے ہیں اور حکومت کو قرض کی ادائیگیاں شروع ہو چکی ہیں لیکن بہرحال یہ خطرہ ابھی بھی مکمل طور پر ٹلا نہیں ہے بلکہ موجود ہے۔

وزیراعظم میاں شہباز شریف ایک دورے کے دوران ایک دوست ملک کے سربراہ کو یہ کہہ چکے ہیں کہ میں مانگنے نہیں آیا لیکن کیا کروں مجبوری ہے آپ ہماری ہیلپ کریں وزیراعظم صاحب لینے والے سے دینے والا ہاتھ بہتر ہوتا ہے ایک وقت تھا کہ ہم سعودی عرب, جرمنی اور دوسرے ممالک کو قرض دیتے تھے لیکن آج وہ ممالک کہاں پہنچ گئے اور ہم کہاں کھڑے ہیں جب تک ہم یہ مانگنے والی روش ختم نہیں کریں گے تب تک ہم ترقی نہیں کر سکتے ہمارے پاس جو ریز رو پڑے ہیں ان کو ہم صرف دیکھ سکتے ہیں چھیڑ نہیں سکتے ان پیسوں کو دکھا کر ہی ہمیں مالیاتی اداروں سے قرض ملے گا اس کو میں ایک مثال دیکر سمجھانا چاہوں گا, ٹریفک سگنل پہ ایک موٹر سائیکل آ کر رکی ابھی سگنل کھلنے میں دیر تھی کہ وہ بائیک اسٹارٹ ہوئی اور آگے نکل گئی اس کے دیکھا دیکھی تین چار بائیکس والوں نے بھی اشارہ توڑ دیا اور نکلنے کی کوشش کی ان کو ٹریفک پولیس نے دھر لیا اور چالان کرنے لگے ان بائیکس والوں نے کہا کہ آپ نے ہمیں تو روک لیا لیکن اس بائیک والے کو تو کچھ نہیں کہا پولیس والے ہنسے اور کہا کہ وہ تو آپ جیسوں کو پھنسانے رکھا ہوا ہے ان بائیکس والوں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ بائیک والا پھر سگنل پر آ رہا ریسیں دے رہا تھا۔ ہمیں دوست ممالک نے پیسے مزید ممالک کو پھنسانے کیلئے رکھوائے ہوئے ہیں تا کہ مزید قرض لے سکیں۔

اس وقت بجٹ تو پیش کر دیا گیا ہے لیکن اس کیلئے پیسے کہاں سے آئیں گے یہ بات سوچنے والی ہے ہمارا خزانہ خالی ہے لیکن حکمرانوں کی عیاشیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں اللوں تللوں میں پیسے اڑائے جا رہے ہیں عوامی مسائل حل کرنے کی طرف کسی کی بھی توجہ نہیں ہے پیپلز پارٹی نے میڈیا میں ابھی سے پھونک بھر دی ہے کہ اگلا وزیراعظم بلاول ہے جبکہ ن لیگ والے اپنی شیروانیوں کے آرڈر کا سوچ رہے ہیں تحریک انصاف اور عمران خان کی غلط پالیسیوں اور جارحانہ مزاج نے پارٹی کا وجود فی الحال ختم کر دیا ہے تحریک انصاف کی حالت ماضی قریب کی ق لیگ جیسی ہو گئی ہے۔

نئی سیاسی جماعت استحکام پاکستان پارٹی کی لانچنگ کچھ سیاسی جماعتوں کا اثر ورسوخ کم کرنے کیلئے کی گئی ہے جو دن بدن پھلے پھولے گی اور بڑی جماعتوں کو ٹکر دے گی۔

حکومت کیلئے فی الحال سب سے بڑا چیلنج آئی ایم ایف قرض کی بحالی ہے اگر ان کیساتھ معاہدہ ہو جاتا ہے تو پھر تو ٹھیک ہے لیکن خدانخواستہ اگر معاہدہ نہیں ہوتا تو پھر ہمارے لیے بہت بڑی پرابلم ہوگی۔

مسئلہ اس حکومت کا نہیں ہے یہ تو انتالیس چالیس دن کی رہ گئی ہے اصل مسائل اس حکومت کیلئے ہوں گے جو انتخابات کے بعد آئے گی سیاسی جماعتوں کی آپسی لڑائی صوبوں تک پھیل چکی ہے صوبوں اور وفاق میں کھینچا تانی شروع ہو چکی ہے اگر اس صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو اسکے نتائج بھیانک نکلیں گے۔

خدارا تمام سیاسی جماعتیں اور سیاستدان اس ملک کیلئے اکٹھے ہو جائیں ورنہ آپ لوگوں کی آپسی لڑائی میں ملک مزید تباہی کی طرف چلا جائے گا (اللہ نہ کرے (خدارا آپسی اختلافات بھلا کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

مشکل حالات میں متوازن بجٹ

پرواز
راؤ محمد طاہر
raotahirisb@gmail.com

تحریر: راؤ طاہر

پاکستان میں سالانہ میزانیہ اپنی اہمیت کھو بیٹھا ہے یہ صرف اہداف اور ان کے لئے مختص فنڈز کے حجم اور مختلف شعبوں پر عائد ہونے والے ٹیکسز کی شرح پر مشتمل ہوتا ہے۔ سرکاری اخراجات کا تخمینہ اور ارکان پارلیمنٹ کے لئے ترقیاتی فنڈز کا حجم مقرر کیا جاتا ہے سالانہ میزانیے میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں مقرر نہیں کی جاتیں جو کبھی مقرر ہوا کرتی تھیں اسی طرح بجٹ میں بجلی گیس کی قیمتوں کا تعین بھی نہیں کیا جاتا اور پورا سال عوام پٹرولیم مصنوعات 'بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے خود کش حملے برداشت کرتے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی مہنگائی کو جھیلتے رہتے ہیں-

الغرض بجٹ صرف یہ بتاتا ہے کہ پاکستان کے عوام پر کتنے ارب ڈالر کا قرضہ لیا جا چکا ہے اور مزید کتنا لینا اور اس پر سود کتنا ادا کرنا ہے بعد ازاں یہ بتایا جاتا ہے کہ دفاع پر اتنا خرچ ہوگا 'سرکاری افسروں' اعلی عدلیہ 'خود مختار سرکاری کارپوریشنز 'اتھارٹیز اور بورڈز کے سربراہوں اور ملازمین کی تنخواہوں اور مراعات کا خرچ کتنا ہے اور ان خراجات کو پورا کرنے کے لئے عوام کو مزید کتنی قربانی دینی ہے-

میاں شہباز شریف کی قیادت میں قائم حکومت کے لئے ورثے میں ملنے والے مسائل بالخصوص ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا کسی بڑے چیلنج سے کم نہیں اور حکومت اس سلسلے میں اقدامات بھی کر رہی ہے -ملک کو درپیش انتہائی مشکل معاشی حالات میں 2023-24 کا متوازن بجٹ کا پیش کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ حکومت ملک کو مشکل حالات سے نکالنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے-

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ 'ٹریکٹر 'سولر پینل 'بیٹریاں 'آئی ٹی آلات کو سستا کرنے 'لیپ ٹاپ سکیم کے لئے 10 ارب روپے 50 ہزار زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے لئے 30 ارب مختص کرنے 'چھوٹے کاروبار کے لئے ٹرن اوور کی حد 80 کروڑ 'صنعتی شعبے پر آئندہ سال کوئی نیا ٹیکس نہ لگانے 'بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقم میں 50 ارب کا اضافہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں زرعی قرضوں کی حد کو 1800 ارب سے بڑھا کر 2250 ارب کرنے 'معیاری بیج کے استعمال کو فروغ دینے کے لئے ان کی درآمد پر تمام ٹیکسز اور ڈیوٹیز کو ختم کرنے 'زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن کے لئے دیہی علاقوں میں لگائے جانے والے صنعتی یونٹس کو تمام ٹیکسز سے پانچ سال کے لئے مکمل استثنی دینے کے اقدامات اقدام خوش آئند ہیں-

حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں زراعت 'صنعت 'تجارت 'آئی ٹی 'فلم وثقافت سمیت ہر شعبے پر توجہ دی ہے 'زرعی شعبے پر توجہ مرکوز کرنے سے نہ صرف کسان کو نئی معاشی زندگی ملے گی بلکہ ملک میں گرین انقلاب بھی برپا ہوگا فصلوں کی پیداوار بڑھے گی اور اس کے نتیجے میں خوراک کی قیمتوں میں کمی لانے میں مدد ملے گی -سابق وزیر مملکت وماہر معیشت ہارون شریف نے کہا ہے کہ جو ہمارے کرنٹ اکنامک چیلنجز ہیں اور ہمیں جو فسکل اسپیس دستیاب ہے اس کے اندر حکومت نے ایک بیلنس بجٹ پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ روٹین کے اس بجٹ میں بہت سے اسٹیک ہولڈرز کی توقعات کو پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے-

کورونا کی جان لیوا وبا کے بعد ایک ہی سانس میں روس یوکرین جنگ کے اثرات نے جس طرح ساری دنیا کو کساد بازاری کی لپیٹ میں لیا، اس سے امریکہ جیسا ملک بھی دیوالیہ ہونے سے بمشکل بچ سکا ہے۔ معاشی طور پر مضبوط ممالک اپنے لچکدار نظام کی بدولت خود محفوظ رہے لیکن اس کا اثر ترقی پذیر اور غریب ممالک پر پڑا۔ پاکستان جو پہلے ہی بیرونی قرضوں کے غیر معمولی بوجھ تلے دبا ہوا ہے-

گذشتہ برس کی طویل اور موسلا دھار بارشوں، سیلابوں اور معیشت بچانے کیلئے آئی ایم ایف سے قرضے کے حصول کی سخت ترین شرائط سے دوچار ہوا ، روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر دوگنا زیادہ ہوجانے سے اس کے غیر قانونی کاروبار نے جلتی پر تیل کا کام کیا۔ تجارتی عدم توازن اور ترسیلات زر میں کمی کا عنصر زرمبادلہ کے قومی ذخائر پر اثر انداز ہوا، اور معیشت دیوالیہ ہونے کی نہج پر آ گئی۔

ٹیکس وصولیوں میں 430 ارب روپے کی کمی اس سال بھی ایف بی آر کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان بن کر ابھری ہے جس کے تحت ہر سال پیدا ہونے والا بجٹ خسارہ ایک ایسا منحوس چکر بنا ہوا ہے جس کی وجہ سے ملک پر غیر ملکی قرضوں کا بوجھ بڑھتے بڑھتے 54 ہزار ارب روپے سے متجاوز ہو چکا ہے۔ آئی ایم ایف سے بیل آوٹ پیکیج کے حصول کی خاطر مالی سال 2022-23 جو ریکارڈ مہنگائی لے کر آیا، اس میں عام اور غریب طبقے کی قربانی بھی کام نہ آ سکی-

عالمی مالیاتی ادارے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ) آئی ایم ایف (ورلڈ بنک اور ایشیائی ڈویلپمنٹ بنک) آئی ڈی بی (ضرورت مند ممالک کو کم ترین شرح سود لیکن کڑی شرائط پر قرض دیتے ہیں- قرض دار اپنی ضرورت پوری کرنے کے لئے کڑی شرائط قبول کرنے پر مجبور ہیں جبکہ قرض خواہ اپنی رقوم بمع سود کی واپسی کو یقینی بنانے کے لئے ٹیکسوں میں اضافے اور مزید ٹیکس لگانے جیسے اقدام سے قرض کی فراہمی کو مشروط کرتے ہیں-

دنیا میں مذکورہ مالیاتی اداروں کے علاوہ بھی قرض فراہم کرنے والے ادارے انٹرنیشنل فنانشل انسٹی ٹیوشنز) آئی ایف آئی (موجود ہیں لیکن ان کا انٹرسٹ ریٹ ناقابل برداشت حد تک زیادہ ہے- آئی ایم ایف 'عالمی بنک اور اے ڈی بی سے قرض دو اڑھائی فیصد شرح سود پر ملتا ہے تو آئی ایف آئی کی شرح 18 سے 20 فیصد تک ہے - اصولی طور پر قرض خواہ کو قرض کی واپسی سے غرض ہونی چاہیے 'مقروض جیسے چاہے اس کا بندوبست کرے 'شاید مالیاتی اداروں کو ہمارے کرپٹ نظام سے آگاہی ہے کہ اسے ایسی شرائط عائد کرنا پڑتی ہیں جس سے عوام براہ راست متاثر ہوتے ہیں- پاکستان پر مجموعی طور پر ملکی وغیر ملکی قرضوں اور مالیاتی ضمانتوں کا حجم ریکارڈ سطح پر پہنچ گیا ہے قرض پہ قرض بڑھنے کی بڑی وجوہات میں کرپشن اور حکام کی جانب سے قرض لوٹانے کے معاملہ میں عدم دلچسپی ہے -پاکستان میں روزانہ اربوں روپے کی کرپشن اور لوٹ مار ہوتی ہے حکمرانوں کو قرض لوٹانے کے لئے عوام کا ناطقہ بند کرنے کی ضرورت کبھی پیش نہ آئے اگر متعلقہ اداروں کی جانب سے ایمانداری سے مروجہ ٹیکسوں کی وصولی کو یقینی بنا لیا جائے- آئی ایم ایف بجلی چوری کو ہماری معیشت کی بربادی کا سبب 'توانائی کی قلت کو زور دار طریقے سے پاکستان کا مسئلہ قرار دیتا ہے- ایک بجلی چوری پر ہی موقوف نہیں 'یہاں تو قومی وسائل پر ڈاکے ڈالے جاتے ہیں۔

حفیظ تائب، بے مثال شخصیت، باکمال نعت نگار

سرور حسین

جناب حفیظ تائب کا یوم وصال 13 جون ہے جو نعت کے حوالے سے پاکستانی ادب میں نمایاں ترین طور پر ہمیشہ جانے جاتے رہیں گے۔ نعت کا فن جس سنجیدگی، متانت، حلم، بردباری، عجز وانکسار اور دیگر شخصی اوصاف کا تقاضا کرتا ہے وہ انہیں توفیق ایزدی سے نعمت کی صورت ودیعت کئے گئے تھے جن میں وقت کے ساتھ ساتھ بتدریج اضافہ ہوتا چلا گیا۔ ایک قابل قدر نقاد کا کہنا ہے کہ "اگر آپ جاننا چاہیں کہ نعت کیسی ہونی چاہئے تو حفیظ تائب کی نعتیں پڑھ لیں اور اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ نعت نگار کو کیسا ہونا چاہئے تو حفیظ تائب سے ملاقات کر لیں "۔ انہیں اپنے شعبے میں جتنی شہرت ملتی گئی اتنی ہی ان کی نیازمندی بھی بڑھتی چلی گئی، جتنی وقار میں بلندی آتی گئی اتنا ہی انکسار میں بھی اضافہ ہوتا گیا، لوگوں کی محبت جوں جوں فزوں تر ہوتی گئی اتنا ہی تحمل و بردباری بھی کئی گنا بڑھتی گئی۔ علم وفن میں جتنا کمال آتا گیا لہجے میں مٹھاس اور طبیعت کے گداز میں بھی اتنا ہی اضافہ ہوتا گیا۔ نعت کے فن سے محبت نے ان میں دھیمے پن کی ایسی شان پیدا کر دی تھی جو دراصل ان کی اٹھان کا سبب بنتی چلی گئی جسے انہوں نے حقیقی معنوں میں اپنی شخصیت اور کردار کا آئینہ بنایا۔ عموماً ایسا ہوتا ہے کہ جب کسی کا فن میں مقام بن جائے تو فنکار کی فنی ریاضت کم ہو جاتی ہے لیکن حفیظ تائب اس معاملے میں آخر دم تک حساس رہے۔ ایک ایک لفظ کو ناپ تول کر لکھنا اور اس کے مزاج سے آشنا ہو کر جب تک اپنی طبیعت مطمئن نہ ہو جاتی تب تک اس حوالے سے سوچتے رہتے۔ اسی لئے ان کی شاعری کے حوالے سے یہ مضبوط تاثر پایا جاتا ہے کہ ان کے کہے ہوئے مصرعے سے کسی لفظ کو ہٹا کر اس کی جگہ کوئی اور لفظ لگانے سے شعر کا حسن قائم نہیں رہتا جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ الفاظ کے ممکنہ مترادفات اور متبادل پر کس حد تک غور وفکر کر کے موزوں ترین لفظ کا انتخاب کرتے تھے۔ اسی لئے ان کی شاعری کو اہل علم کے ہاں معیار کے اعتبار سے نعتیہ ادب میں حوالے کے طور پر پیش کیا جاتا ہے اور ان کے کام کو نئی نسل مشعل راہ کے طور پر دیکھتی ہے۔ حفیظ تائب کا بطور شخصیت ایک اہم کارنامہ اپنے عہد کے نمائندہ شعرا اور نوجوان لکھنے والوں میں نعت کی تحریک پیدا کرنا بھی تھا۔ غزل گو شعرا میں بھی نعت کہنے کا رجحان پیدا کرنا ان کا شاندار کارنامہ ہے جن میں احمد ندیم قاسمی جیسے نابغۂ عصر بھی شامل تھے۔ نعت گوئی کا معاملہ چونکہ بہت حساس ہے اس لئے بیشتر شعرا سوئے ادب کے خوف سے نعت لکھتے ہوئے گھبراتے تھے تو اس صورتحال میں وہ اس بات سے تسلی دیتے ہوئے کہا کرتے تھے کہ نعت تو بارگاہ رسالت ﷺ میں حاضری کی ایک صورت ہے تو آپ خود کو کیوں اس عظیم نعمت سے محروم رکھتے ہیں اور یوں پورا عہد نعت کے نور سے فیض یاب ہوتا چلا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے نئے لکھنے والوں کی بھرپور حوصلہ افزائی بھی کی۔ پاکستان بھر سے ان کے پاس چھپنے والے نعتیہ مجموعوں کے مسودوں کا ہر وقت ڈھیر لگا رہتا تھا جسے وہ بڑے شوق سے عبادت سمجھ کر دیکھتے اور جہاں ضرورت ہوتی غیر محسوس طریقے سے اصلاح بھی کر دیتے۔ ان کے دور میں چھپنے والا شاید ہی کوئی نعتیہ مجموعہ ہو جس میں ان کے تحسینی کلمات شامل نہ ہوں۔ پیشوائیوں کے عنوان سے انہوں نے درجنوں کتابوں پر مضامین اور آرا لکھیں جو اب الگ سے جمع ہو کر چھپنے کے مراحل میں ہیں۔ ان کی شخصیت کا ایک نہایت اہم پہلو ایک ایسی بیماری کے ساتھ طویل سفر ہے جس کے نام سے ہی لوگ مایوسی اور کم ہمتی کا بری طرح شکار ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کینسر کے مرض کے ساتھ کم وبیش ایک دہائی بھرپور زندگی گزاری۔

شوبز SHOWBIZ

خوبصورتی ظاہری اور باطنی طور پر اچھے ہونے کا نام ہے

ایشوریہ دلی اور ظاہری طور پر خوبصورت انسان ہیں، اداکارہ ریما خان

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ ریما خان نے کہا ہے کہ خوبصورتی ظاہری اور باطنی طور پر اچھے ہونے کا نام ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر بھارتی اداکارہ ایشوریہ رائے کیساتھ اپنی پرانی تصویر شیئر کرتے ہوئے ان کی تعریف میں کہا کہ ایشوریہ دلی اور ظاہری طور پر خوبصورت انسان ہیں۔ تصویر میں ریما گلابی رنگ کے پاکستانی لباس اور ایشوریہ رائے کالے رنگ کی جینز شرٹ میں ملبوس ہیں۔ ایشوریہ دلی اور ظاہری طور پر خوبصورت انسان ہیں۔ تصویر میں ریما گلابی رنگ کے پاکستانی لباس اور ایشوریہ رائے کالے رنگ کی جینز شرٹ میں ملبوس ہیں۔

نامور فنکاروں کے وفد کا جناح ہاس کا دورہ، 9 مئی واقعات کی مذمت

ذاتی پسند اور ناپسند سے نکل کر ملکی وقومی مفاد کی خاطر اجتماعیت کی طرف آئیں، شرکا

لاہور (شوبز نیوز) نامور فنکاروں کے وفد نے جناح ہاس کا دورہ کیا اور 9 مئی کے پر تشدد واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کی، فنکاروں نے منفرد انداز میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وفد کے شرکا کا کہنا تھا کہ 9 مئی کو ملک دشمن عناصر نے وحشیانہ انداز اور سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت عسکری تنصیبات کو نشانہ بنایا، یہ مناظر انتہائی دلخراش ہیں، شرپسندوں نے ناصرف سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا بلکہ جناح کے گھر کو بھی جلا کر راکھ کر دیا۔ شرکا نے مزید کہا ہے کہ ذاتی پسند اور ناپسند سے نکل کر ملکی وقومی مفاد کی خاطر اجتماعیت کی طرف آئیں، اس ملک کے امن وامان کو برباد کرنے والوں کو بغیر کسی تاخیر کے قرار واقع سزا دی جائے۔ اور 9 مئی کے پر تشدد واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کی، فنکاروں نے منفرد انداز میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وفد کے شرکا کا کہنا تھا کہ 9 مئی کو ملک دشمن عناصر نے وحشیانہ انداز اور سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت عسکری تنصیبات کو نشانہ بنایا، یہ مناظر انتہائی دلخراش ہیں، شرپسندوں نے ناصرف سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا بلکہ جناح کے گھر کو بھی جلا کر راکھ کر دیا۔ شرکا نے مزید کہا ہے کہ ذاتی پسند اور ناپسند سے نکل کر ملکی وقومی مفاد کی خاطر اجتماعیت کی طرف آئیں، اس ملک کے امن وامان کو برباد کرنے والوں کو بغیر کسی تاخیر کے قرار واقع سزا دی جائے۔

لوگوں سے بے حد پیار ملنا خوش قسمتی کا باعث؛ فرحان سعید

اتنی زیادہ عزت اور شہرت ملنا ان پر رب العزت کا بہت کرم ہے اداکار اور گلوکار

اسلام آباد (شوبز نیوز) اداکار فرحان سعید نے کہا کہ انڈسٹری میں بطور اداکار اور گلوکار ان کا تجربہ بہت خوشگوار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور اداکار انہیں ہر روز ایک نیا کردار کرتے ہوئے خود کو جاننے کا موقع ملا ہے اور بطور گلوکار لوگوں کے جھرمٹ میں رہتے ہوئے اپنے مداحوں کو جاننے کا موقع ملا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ خوش قسمت ہیں کہ انہیں بطور اداکار اور گلوکار دونوں صورتوں میں مداحوں نے سراہا ہے اور حوصلہ افزائی کی ہے اور اتنی زیادہ عزت اور شہرت ملنا ان پر رب العزت کا بہت کرم ہے۔

سوشل میڈیا کا استعمال ضرورت کے تحت کرتی ہوں؛ عروہ حسین

انٹرویو میں کہا کہ انہوں نے خود کو نہ تو فون اور نہ ہی سوشل میڈیا کا عادی بنایا ہے

اسلام آباد (شوبز نیوز) اداکارہ عروہ حسین نے کہا کہ وہ سوشل میڈیا کا استعمال صرف ضرورت کے تحت کرتی ہیں۔ انہوں نے انٹرویو میں کہا کہ انہوں نے خود کو نہ تو فون اور نہ ہی سوشل میڈیا کا عادی بنایا ہے۔ لیکن وہ صرف کام کی صورت میں دونوں چیزوں کا استعمال کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے قریبی دوست بھی ان کی اس عادت سے نالاں ہیں کہ وہ کئی دن تک ان کے میسیجز نہیں دیکھتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں لگتا ہے فون اور سوشل میڈیا کا زیادہ استعمال بھی ان دنوں لوگوں میں ڈپریشن کی بڑھتی ہوئی شرح کی وجہ ہے اور اس سے جتنا دور رہا جائے اتنا ہی بہتر ہے۔

شہنشائے غزل مہدی حسن خاں کو مداحوں سے بچھڑے 11 برس بیت گئے

لاہور (شوبز نیوز) شہنشائے غزل مہدی حسن خاں کو مداحوں سے بچھڑے 11 برس بیت گئے۔ انہوں نے 25 ہزار سے زائد فلمی وغیر فلمی گیت اور غزلیں گا کر برصغیر پاک وہند میں لوگوں کے دلوں میں یوں جگہ بنائی کہ ان کا گایا ہر گیت امر ہو گیا۔ گائیکی کے شہنشاہ مہدی حسن نے اٹھارہ جولائی 1927 کو بھارتی ریاست راجستھان میں کلاسیکی موسیقی سے جڑے گھرانے میں آنکھ کھولی۔ مہدی حسن نے 1935 میں آٹھ سال کی عمر میں ایک پروگرام کے ذریعے گلوکاری کا آغاز کیا اور تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے آئے جہاں 1957 میں انہیں کراچی۔

بدقسمتی سے سرجریز حسن کا عالمی معیار بن چکی ہیں: حمیرا اصغر

حمیرا اصغر نے کہا کہ بدقسمتی سے حسن کا اب فیک معیار ہی ٹرینڈ کر رہا ہے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی ماڈل اور اداکارہ حمیرا اصغر نے کہا ہے کہ فیشن انڈسٹری میں ایک عام چہرے والے ماڈل کو سرجریز کرانے کا ہی مشورہ دیا جاتا ہے، بدقسمتی سے سرجریز حسن کا عالمی معیار بن چکی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فیشن کی دنیا میں اب حسن کا معیار بدل رہا ہے، ایک عام چہرے والی ماڈل کو بھی اپنے چہرے کے نقش کو نکھارنے کے لیے مختلف سرجریز کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ بوٹکس کروا لو، یا آئی براوز کو لفٹ کروا لو، ناک کی سرجری کروا لو وغیرہ وغیرہ۔ حمیرا نے کہا کہ یہ ٹریٹمنٹس فیشن کے لیے تو ضروری ہیں۔

بڑے اداکار سے مقابلہ نہیں کرسکتیں: ہما قریشی

بالی ووڈ اداکارہ ہما قریشی کا کہنا ہے وہ بڑے اداکار سے مقابلہ نہیں کرسکتیں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ ہما قریشی کا کہنا ہے وہ بڑے اداکار سے مقابلہ نہیں کرسکتیں۔ ہما قریشی نے بالی ووڈ میں آنے سے پہلے تھیٹر میں کام کیا ہے۔ "گینگس آف وسائے پور" کے بعد ہما نے ڈیڑھ عشقیہ اور بدلا پور جیسی کئی فلموں میں کام کیا ہے۔ ان دنوں ہما گریندر چڈھا اور دیپا مہتہ کے ساتھ بین الاقوامی فلم کر رہی ہیں۔ ہما سے جب یہ پوچھا گیا کہ کیا آپ اپنی زیادہ بین الاقوامی پروجیکٹوں پر مرکوز کر رہی ہیں تو انہوں نے کہا کہ مجھے صرف اب میرا نائر کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پھرتیوں کے ساتھ کام کرنے کی خواہش پوری ہو جائے گی۔ مذاق کو جانے دیجئے۔ میں صرف اچھے کام پر توجہ دے رہی ہوں۔ میں فلموں کے تعلق سے تھوڑی اپنی پسند پر توجہ دیتی ہوں اور اس پر مجھے فخر بھی ہیں۔

سپورٹس SPORTS

بھارتی کرکٹ ٹیم کے دورہ ویسٹ انڈیز کا شیڈول جاری

دونوں ٹیموں کے درمیان 12 جولائی سے پہلا ٹیسٹ میچ شروع ہوگا

جمیکا (سپورٹس نیوز) ویسٹ انڈیز کرکٹ) ڈبلیو آئی سی (کی جانب سے بھارتی کرکٹ ٹیم کے دورے کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ شیڈول کے مطابق بھارتی ٹیم اپنے دورہ ویسٹ انڈیز کے دوران 2 ٹیسٹ، 3 ون ڈے اور 5 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان 12 جولائی سے پہلا ٹیسٹ میچ شروع ہوگا جبکہ سیریز کا دوسرا ٹیسٹ 20 جولائی سے کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ون ڈے سیریز کا آغاز 27 جولائی سے ہوگا، دوسرا ون ڈے 29 جولائی اور تیسرا یکم اگست کو کھیلا جائے گا جبکہ پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز 3، 6، 8، 12 اور 13 اگست کو کھیلے جائیں گے۔ واضح رہے کہ یہ ویسٹ انڈیز اور بھارت کے لیے ورلڈ 2023-25 کی سائیکل کا آغاز بھی ہوگا۔ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2023-25 کی سائیکل کا آغاز بھی ہوگا۔ شیڈول کے مطابق بھارتی ٹیم اپنے دورہ ویسٹ انڈیز کے دوران 2 ٹیسٹ، 3 ون ڈے اور 5 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان 12 جولائی سے پہلا ٹیسٹ میچ شروع ہوگا جبکہ سیریز کا دوسرا ٹیسٹ 20 جولائی سے کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ون ڈے سیریز کا آغاز 27 جولائی سے ہوگا، دوسرا ون ڈے 29 جولائی اور تیسرا یکم اگست کو کھیلا جائے گا جبکہ پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز 3، 6، 8، 12 اور 13 اگست کو کھیلے جائیں گے۔ واضح رہے کہ یہ ویسٹ انڈیز اور بھارت کے لیے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ

لنکا پریمیئر لیگ، بابر اعظم کولمبو سٹرائیکرز کی نمائندگی کرینگے

لنکا پریمیئر لیگ 31 جولائی سے 22 اگست تک سری لنکا میں کھیلی جائیگی

کولمبو (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم لنکا پریمیئر لیگ میں کولمبو سٹرائیکرز کی نمائندگی کرینگے۔ لنکا پریمیئر لیگ 31 جولائی سے 22 اگست تک سری لنکا میں کھیلی جائیگی، کھلاڑیوں کی آکشن 14 جون کو کولمبو میں ہوگی، لیگ میں ہر ٹیم 20 کھلاڑیوں پر مشتمل ہوگی جس میں 6 غیر ملکی پلیئر ہو سکتے ہیں۔ کولمبو سٹرائیکرز میں شامل بابر اعظم نے کہا کہ کسی بھی فرنچائز کرکٹ میں آکشن سب سے اہم ہوتی ہے، ٹیم کمبی نیشن کو اچھے سیمشاورت مکمل کر لی ہے۔ بابر اعظم کا کہنا تھا کہ لنکا پریمیئر لیگ میں مضبوط ٹیم بنانے کی کوشش کریں گے، نسیم شاہ بھی کولمبو سٹرائیکرز کا حصہ ہیں۔ بابر اعظم کا کہنا تھا کہ لنکا پریمیئر لیگ میں مضبوط ٹیم بنانے کی کوشش کریں گے، نسیم شاہ بھی کولمبو سٹرائیکرز کا حصہ ہیں۔

جو قومیں شہدا کو بھول جائیں ان کا نام ونشان نہیں رہتا، شاہد آفریدی

وطن عزیز کے تمام شہدا کی قربانیوں کو یاد رکھا جائے گا، سابق کرکٹر

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں نے افواج پاکستان اور شہداء کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سابق کرکٹر شاہد آفریدی نے پاک فوج کی قربانیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہر محب وطن پاکستانی مٹی کی محبت کو اپنا فرض سمجھتا ہے۔ جو قومیں اپنے شہداء کو بھول جاتی ہیں ان قوموں کا تاریخ میں کوئی نام ونشان نہیں رہتا۔ قومی ٹیم کے فاسٹ بولر حارث رؤف کا کہنا ہے کہ افواج پاکستان کی محبت ہماری رگ رگ میں بسی ہے۔ ملک سے محبت کرنے والے ہر شخص کے دل میں پاکستانی فوج کی عقیدت ہے۔ دونوں کھلاڑیوں کا مزید کہنا تھا کہ وطن عزیز کے تمام شہداء کی قربانیوں کو نہ صرف یاد رکھا جائے گا بلکہ ان کے تقدس اور حرمت پر کبھی کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔ ہر محب وطن پاکستانی مٹی کی محبت کو اپنا فرض سمجھتا ہے۔ جو قومیں اپنے شہداء کو بھول جاتی ہیں۔

کرکٹ ٹیم میں صرف چند کھلاڑی اہم ہیں؟ گوتم گمبھیر بورڈ پر برس پڑے

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) بھارت کے سابق کرکٹر گوتم گمبھیر نے اپنے بورڈ کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑی گوتم گمبھیر نے چند مخصوص کھلاڑیوں کو اسٹار بنانے پر کڑی تنقید کا نشانہ بنا ڈالا۔ گوتم گمبھیر نے ٹیسٹ چیمپئن شپ میں بھارت کی آسٹریلیا کے ہاتھوں شکست کو شرمناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ کرکٹ ٹیم میں چند مخصوص کھلاڑیوں کی بیتحاشا تشہیر کی جاتی ہے۔ کھلاڑی پیسوں کے لیے پان مصالحے کا اشتہار تک کر لیتے ہیں اور اپنی حیثیت کا احساس نہیں کرتے۔ سابق بھارتی کرکٹر کا مزید کہنا تھا کہ بھارتی کرکٹ بورڈ کے تمام اسٹیک ہولڈرز جس میں میڈیا بھی شامل ہے چند کرکٹرز کو ہی پروموٹ کرتے رہتے ہیں اور اسی وجہ سے وہ اسٹار بن جاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت میں کچھ کھلاڑی ٹیم سے بھی بڑے ہو گئے ہیں۔ دیگر ملکوں میں قومی ٹیموں کو اہمیت دی جاتی ہے لیکن بھارت میں لوگ ٹیم کے بجائے چند کھلاڑیوں کے دیوانے ہوتے ہیں۔

پاک، سری لنکا ٹیسٹ سیریز: شاہین شاہ آفریدی قومی ٹیم کا حصہ نہیں ہوں گے

لاہور (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے معروف فاسٹ بالر شاہین شاہ آفریدی سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں شرکت نہیں کریں گے۔ شاہین آفریدی ورلڈ کپ کے پیش نظر قومی ٹیم کو سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں دستیاب نہیں ہوں گے، فاسٹ بالر میگا ایونٹ کے باعث ٹیسٹ سے فی الحال بریک لیں گے، شاہین آفریدی نے گزشتہ برس جولائی میں سری لنکا کے خلاف اپنا آخری ٹیسٹ میچ کھیلا تھا۔ رواں برس ایشیا کپ کے ساتھ ساتھ آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ بھی ہے، جس میں شاہین شاہ آفریدی کی موجودگی قومی ٹیم کیلئے لازمی ہے، بڑے ایونٹس کے پیش نظر سٹار بالر کو آرام دیے جانے کا امکان ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹیسٹ سیریز جولائی میں ہوگی جس کے شیڈول کا سری لنکا کرکٹ جلد اعلان کرے گا، دونوں ٹیموں کے درمیان 2 ٹیسٹ میچز کھیلے جائیں گے جو کہ آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم کے معروف فاسٹ بالر شاہین شاہ آفریدی سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں شرکت نہیں کریں گے۔ شاہین آفریدی ورلڈ کپ کے پیش نظر قومی ٹیم کو سری لنکا۔

ناصر حسین کا بھارتی بیٹرز کو بابر اور ولیمسن سے سیکھنے کا مشورہ

سابق انگلش کپتان کا کہنا تھا کہ بھارتی کھلاڑیوں کی بیٹنگ دیکھ کر بہت مایوسی ہوئی

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان ناصر حسین نے بھارتی ٹیم کے بیٹرز کو پاکستانی کپتان بابر اعظم اور کیوی بیٹر کین ولیمسن سے سیکھنے کا مشورہ دے دیا۔ ناصر حسین نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل) آئی سی سی (ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں آسٹریلیا کے ہاتھوں 209 رنز سے شکست کے بعد بھارتی بیٹرز کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ انہیں بابر اعظم اور کین ولیمسن سے سیکھنا چاہیے کہ کس طرح سیم اور سوئنگ بال کو کھیلا جاتا ہے۔ سابق انگلش کپتان کا کہنا تھا کہ بھارتی کھلاڑیوں کی بیٹنگ دیکھ کر بہت مایوسی ہوئی۔

ملک میں ثقافتی کھیل کبڈی کے فروغ کے لیے حکومتی اور سپانسر کی سرپرستی ضروری ہے۔ انٹرنیشنل کھلاڑی فاروق پہلوان

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کبڈی کھلاڑی فاروق پہلوان نے کہا ہے کہ ملک میں ثقافتی کھیل کبڈی کے فروغ کے لئے حکومتی اور سپانسر کی سرپرستی ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ بین الاقوامی سطح پر میڈلز حاصل کرنے والے کھلاڑی نے کہا کہ ملک میں دیہاتی سطح پر کبڈی کے کھیل کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے لیکن اس ٹیلنٹ کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

کوریا میں پاکستان کمیونٹی کے سربراہ نزاکت مرزا کی جانب سے پاکستانی ویمن نیٹ بال ٹیم کے اعزاز میں ڈنر کا اہتمام

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) کوریا میں پاکستان کمیونٹی کے صدر نزاکت مرزا کی جانب سے پوسان کوریا کے ایک مقامی ہوٹل پاکستانی ویمن نیٹ بال ٹیم کے اعزاز میں ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر کوریا میں پاکستان کمیونٹی کے نائب صدر چوہدری رشید گوجر، جنرل سیکرٹری محمد عالم خان، پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر مدثر آرائیں اور المدینہ مسجد جھنگ نم پوسان کے خطیب حضرت علامہ مولانا میاں محمد اشرف کے علاوہ کوریا میں مقیم۔

ہم سے گورے فائدہ اٹھا رہے ہیں، پاکستان ہاکی قدر نہیں کرتی، نعیم خان

شیخوپورہ کے نعیم خان کا کلب گین ٹواز پہلی دفعہ بیلجیم ہاکی لیگ کا چیمپئن بن گیا

لاہور (سپورٹس نیوز) دنیا میں پاکستان کی پہچان بننے والے قومی کھیل ہاکی کا ملک میں تو برا حال ہے تاہم پاکستانی کوچز انفرادی طور پر بیرون ملک نام ضرور کما رہے ہیں۔ ان ہی میں ایک فاروق آباد شیخوپورہ سے تعلق رکھنے والے نعیم خان ہیں، جن کا کلب گین ٹواز پہلی دفعہ بیلجیم ہاکی لیگ کا چیمپئن بنا ہے۔ ٹاپ لیگ کھیلنے کے بعد گزشتہ دس برسوں سے گراس روٹ سطح پر کوچنگ اور مینٹور کی ذمہ داریاں نبھانے والے نعیم خان اس فاتح ٹیم کے منیجر تھے جس نے پہلی دفعہ ٹرافی اپنے نام کی ہے۔ لاہور کے دورے پر آئے نعیم خان نے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم کی ٹرف ٹو پر خواجہ جنید ہاکی اکیڈمی میں بچوں کے ساتھ بھرپور سیشن کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہاکی کے موجودہ حالات دیکھ کر بہت رونا آتا ہے، بیرون ملک کام کا اچھا معاوضہ ملتا ہے تاہم ملکی ہاکی کو ٹھیک کرنے کے لیے بغیر کسی پیسے کے بھی ذمہ داریاں نبھانے کو تیار ہوں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
14 جون 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14 جون 2023ء، صبح 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک اسلام آباد سرکل F-17/1&2، طفیل شہید، چراہ، فراش ٹاؤن، رکرپا فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ٹوگزی، باغ سرداراں، سوشل سیکورٹی، انڈسٹریل، پیرودہائی، راجہ آباد، ٹوگزی، بجیال، ڈھوک چوہدریاں، شمس کالونی، فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، ریور گارڈن I,II,III، نیول I&II فیڈرز، جہلم سرکل، ڈومیلی، بھگوال، شاہ سفیر، روہتاس، ریاض شہید فیڈرز، چکوال سرکل، سکھڑ پور، عبداللہ پور، سی ڈبلیو او، جلال پور شریف، دولتالہ، ادھی، ڈیرا مسلم، کلر فیڈرز، اٹک سرکل، صبح 08:00 بجے تا شام 01:00 بجے تک شکردرہ، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید، ہرو، غوری فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک میانوالا فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 06:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک بیروٹ گالا، دربار مائی ٹھوٹھی، کھوئی رٹہ سٹی، چڑہوئی ایکسپریس، دانا بجال، چڑہوئی ڈونگی، سٹی، کریالہ، جندروٹ، ددوٹ، مجہان، سٹی ٹو، چڑہوئی فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

پاکستان نے ای او بی آئی حکام کی مہلت کی استدعا پر کیس کی مزید سماعت اگست تک ملتوی کردی۔

بقیہ 2

کے نتیجے میں وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کے کوآرڈینیٹر مزمل، ان کے والد اور والدہ جان کی بازی ہار گئے، جبکہ بہن شدید زخمی ہوئی ہے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ واقعے میں زخمی خاتون اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 3

ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مصدق ملک کا کہنا تھا کہ ہمارے دوستوں نے کہا کہ روس سے پٹرول نہیں آئے گا، دوستوں نے کہا ہماری حکومت روس جانے کی وجہ سے گئی، جو آپ نہ کر سکے وہ ہم نے کر دکھایا، ریفائنری پالیسی تسلیم کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سائفر کے ڈرامے کے بعد امریکا کے آگے گڑگڑانے تک کا سفر عوام نے دیکھ لیا، مانتے ہیں مہنگائی ہے، اس کیلئے کام کررہے ہیں، 75 سال میں پہلی بار روسی تیل کا جہاز پاکستان آیا تھا۔ وزیر مملکت پٹرولیم نے کہا کہ دوستوں نے کہا امریکا نے روس سے تیل لانے پر ہماری حکومت ختم کرائی، امریکا ہمارے خلاف سازش کررہا ہے، پرانی ریفائنریز کو اپ ڈیٹ کرنے کی سمری کابینہ کے پاس موجود ہے، آذربائیجان ہر ماہ پاکستان کو ایل این جی کا ایک کارگو فراہم کرے گا۔ رہنما مسلم لیگ ن کا کہنا تھا کہ ہماری پالیسی کا محور پاکستان کی ترقی ہے، ہر روز پوچھتے تھے کہاں ہے تمہارا تیل کا جہاز، ہم ترکمانستان سے گیس پاکستان لانا چاہتے ہیں، یورپی ممالک کو دعوت دی ہے کہ پاکستان میں ایل این جی کے کارخانے لگائیں۔ مصدق ملک نے یہ بھی کہا کہ ملکی گیس کے گردشی قرضے کو صفر کردیا ہے، ایک لاکھ ٹن روسی خام تیل یورول خریدا ہے، سیمپل کی ٹیسٹنگ ہوچکی ہے۔

بقیہ 4

قائد مسلم لیگ (ن) (میاں محمد نواز شریف الیکشن سے پہلے پاکستان میں ہوں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے مزید کہا ہے کہ الیکشن میں کسی ممکنہ اتحاد کا فیصلہ وقت آنے پر کیا جائے گا، موجودہ حکومت نے مشکل حالات میں ایک اچھا اور متوازن بجٹ پیش کیا ہے، مسلم لیگ (ن) کو جب بھی حکومت کا موقع ملا ہم نے ملک میں مہنگائی کم کرنے کی کوشش کی۔

بقیہ 5

روزگار دینے والا کاروباری بنانے کے مواقع شامل ہیں، نوجوان ملک کا مستقبل ہیں اور نوجوان کا مستقبل سنوارنا ہمیشہ کی طرح میری اولین ترجیح ہے، آئی ٹی، زراعت اور صنعت میں کاروبار کے آغاز سے نوجوانوں کو پاکستان کی ترقی کے معمار بنانا ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو ایک لاکھ لیپ ٹاپ، چھوٹے اور رعایتی قرض دے رہے ہیں، نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے بجٹ میں آئی ٹی کاروبار میں ٹیکس کی چھوٹ دی ہے، 2 ہزار ارب روپے سے زائد کسان پیکج سے زراعت اور کسان کی بہتری کا سفر مزید تیز ہوگا۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ بجٹ 2023-24 کے ذریعے زرعی شعبے کیلئے مراعات جاری رکھیں گے، ان اقدامات سے غذائی تحفظ حاصل ہوگا، نوجوانوں کو زرعی ترقی میں حصہ دار بنا رہے ہیں، کسانوں، نوجوانوں کو زرعی اور کاروباری قرضہ جات سے کسان، نوجوان اور پاکستان خوشحال ہوں گے۔

بقیہ 6

15,000 روپے، 25,000 روپے اور 40,000 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کا تبادلہ / نقد کرانے کا ایک اور موقع فراہم کرتے ہوئے اس کی تاریخ میں 30 جون 2023ء تک توسیع کردی تھی۔ قبل ازیں حکومت نے ان پرائز بانڈز کو نقد کرانے کے لیے 30 جون 2022ء کی تاریخ مقرر کی تھی، تاہم جو لوگ مقررہ مدت میں یہ پرائز بانڈز تبدیل نہیں کراسکے انہیں آخری موقع فراہم کرتے ہوئے اس کی تاریخ میں 30 جون 2023ء تک توسیع کر دی گئی۔ ان پرائز بانڈز کا تبادلہ ملک بھر میں ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے دفاتر اور کمرشل بینکوں کی برانچوں سے 30 جون 2023ء تک کیا جاسکتا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے اس ضمن میں کمرشل بینکوں کو توسیع شدہ تاریخ تک پرائز بانڈز نقد کرانے یا ان کا تبادلہ کرنے کی درخواستیں قبول کرنے کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کردی ہیں۔ ان بانڈز کو رکھنے والے افراد کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اس آخری موقع سے فائدہ اٹھائیں اور اپنی ہولڈنگز کا 30 جون 2023ء سے قبل تبدیل کرالیں۔ اس توسیع شدہ ڈیڈ لائن کی میعاد ختم ہونے کے بعد مذکورہ پرائز بانڈز کو نقد یا ان کا تبادلہ نہیں کرایا جاسکے گا اور یہ قابل استعمال نہیں رہیں گی

بقیہ 7

کاموں کا جائزہ لیا جبکہ اے سی گوجر خان نے ہسپتال کے تمام وارڈز سمیت بلڈ بنک، لیبارٹری، سرجیکل وارڈز، فارمیسی کو چیک کیا اور ہسپتال میں آئے لوگوں سے گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب سے دی جانے والی سہولیات کے متعلق دریافت کیا خاص کر ادویات کی فراہمی کے متعلق دریافت کیا ایڈمٹ مریضوں کے علاوہ ایمرجنسی میں بھی آنے والوں نے بتایا کہ علاج معالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور تمام تر ادویات ہسپتال کے اندر سے ہی فراہم کی جارہی ہیں جبکہ اے سی گوجر خان نے ہسپتال کی صفائی ستھرائی اور مینٹیننس کے دیگر کاموں کو بھی چیک کیا گیا تمام تر انتظامات کو تسلی بخش پایا اس موقع پر اے سی گوجر خان نے ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور انکے لواحقین کے ساتھ دوستانہ رویہ رکھا جائے تمام تر بنیادی سہولیات فراہمی سب کو یکساں یقینی بنائی جائے کسی بھی قسم کی غفلت اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی شکایات کی صورت میں سختی سے نمٹا جائے گا

بقیہ 8

کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران اٹارنی جنرل منصور اعوان نے کہا کہ کینیا کی حکومت نے معاہدے کا کہا ہے جس کے بغیر کوئی چوائس نہیں۔ چیف جسٹس نے جواب دیا کہ تحقیقاتی ٹیم کا دورہ کینیا لاحاصل مشق تھی؟ تحقیقات میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی، فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ کا لیک ہونا بھی بدقسمتی ہے۔ جسٹس عمر عطاء بندیال نے کہا کہ الیکٹرانک میڈیا پر فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ دیکھ کر سرپرائز ہوا، جو جرم ہوا وہ بہت سنگین تھا جب کہ ایک صحافی کا قتل ہونا پوری دنیا کے لئے باعث تشویش تھا۔ اسپیشل جے آئی ٹی کی رپورٹ عدالت میں جمع کرادی گئی، اس پر اٹارنی جنرل کا کہنا تھا کہ رپورٹ کچھ تاخیر کا شکار ہوئی، انٹر پول کے ساتھ کمیونیکیشن جاری ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ اٹارنی جنرل رپورٹ کا جائزہ لیں اور معاونت کریں، البتہ یہ بھی دیکھنا ہے کہ ارشد شریف کینیا کیوں گئے، اس گاڑی کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے جب کہ دیکھنا ہوگا قاتل کون تھا؟ جسٹس عمر عطاء بندیال نےکہا کہ ہمیں صحافیوں کو تحفظ فراہم کرنا ہوگا، ارشد شریف قتل کیس میں دلچسپی ختم نہیں ہونے دیں گے، کوئی مسٹر اے چلا بھی جائے تو مسٹر بی ایکٹیو ہوگا ان کا مزید کہنا تھا کہ آزادی اظہار کا گلہ اس انداز سے دبانے نہیں دیں گے، شواہد دوسرے ممالک میں ہیں، آپ کو ان کا تعاون چاہیئے ہی ہوگا۔ چیف جسٹس نے ارشد شریف قتل کیس کی سماعت جولائی کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردی

بقیہ 9

نہیں کیا گیا۔ علی احمد ساہی عدالت سے ضمانت پر ہیں۔ اب سے کچھ دیر بتایا گیا تھا کہ قبل سابق صوبائی وزیر علی افضل ساہی کو اسلام آباد پولیس نے گرفتار کرلیا، علی افضل ساہی کو پیشی کے موقع پر جوڈیشل کمپلیکس کے باہر سے دیگر مقدمات میں درج کیا گیا۔ سابق صوبائی وزیر کے وکیل بیرسٹر قاسم عباسی کے مطابق اسلام آباد کی عدالت نے علی افضل ساہی کی تھانہ گولڑہ میں درج مقدمے میں 3 جولائی تک عبوری ضمانت میں توسیع کی، پیشی کے بعد جوڈیشل کمپلیکس سے واپسی پر علی افضل ساہی کو گرفتار کیا گیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل انسداد دہشتگردی کی عدالت اسلام آباد نے سابق وزیراعظم عمران خان کی پیشی کے موقع پر تھانہ گولڑہ دہشتگردی ایکٹ کے تحت درج مقدمے میں سابق صوبائی وزیر علی افضل ساہی کی عبوری ضمانت میں 13 جون تک توسیع کی تھی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج راجہ جواد عباس حسن نے کیس کی سماعت کی، ملزم علی افضل ساہی کے وکیل بیرسٹر قاسم عباسی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ دوران سماعت بیرسٹر قاسم عباسی نے دلائل دیئے کہ وقوعہ کے وقت ملزم علی افضل ساہی اسی معزز عدالت میں موجود تھا، پولیس کی جانب سے سیاسی اور بدنیتی پر مبنی مقدمہ درج کیا گیا۔ پولیس ثابت کردے کہ وقوعہ کے وقت ملزم عدالت کے اندر موجود نہیں تو ملزم کو ابھی پولیس کی حراست میں دے دوں گا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا آپ لوگوں نے جوڈیشل کمپلیکس میں لگے سی سی ٹی وی کیمرے دیکھے ہیں، عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ابھی تک آپ لوگوں نے سی سی ٹی وی کیمرے کی فوٹیج تک نہیں دیکھی۔ بیرسٹر قاسم عباسی نے کہا کہ میرا ملزم کسی پرتشدد کارروائی میں ملوث نہیں اور ایسے واقعات کی مخالفت کرتے ہیں

بقیہ 10

ولد علی رضا سکنہ پکا کھوہ پوسٹ آفس بیول کو قابو کرکے اس کے قبضے سے 1120 گرام چرس برآمد کرکے ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت 9 سی کا مقدمہ درج کر لیا انچارج چوکی قاضیاں چوہدری اسلم نے کہا کہ یہ میری تعیناتی کی شروعات ہے اور میں منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کھلے الفاظ میں بتانا چاہتا ہوں میری تعیناتی کے دوران کسی بھی یہ مکروہ دھندہ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں ہے اور نہ ہی میں یہ گھناونا کاروبار کسی کو کرنے دوں گا یا منشیات جیسے کاروبار سے وابستہ لوگ اس مکروہ دھندے کو چھوڑ دیں یا پھر اس علاقے کو چھوڑ دیں میں منشیات اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہوں منشیات جیسے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ایسے عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 11

بغیر 9 مئی کے بعد درج کسی بھی مقدمے سے گرفتاری سے روکا جائے۔ جب کہ جناح ہاؤس حملہ کیس میں علیمہ خان کی 27 جون تک عبوری ضمانت منظور کی گئی تھی۔ عدالت نے علیمہ خان کو ایک لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کا حکم بھی دیا۔ بتایا گیا کہ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کی درخواست ضمانت منظور کرلی۔ اے ٹی سی لاہور میں علیمہ خان کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ علیمہ خان نے تھانہ سرور روڈ میں جناح ہاؤس پر حملہ کیس میں رانا مدثر عمر ایڈووکیٹ کی وساطت سے لاہور اے ٹی سی میں ضمانت کی درخواست دائر کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ پولیس نے غیر قانونی طور پر مقدمہ میں ملوث کیا، جناح ہاس پر موجودگی سے کوئی جرم ثابت نہیں ہوتا۔ علیمہ خان نے مقف اپنایا کہ انہوں نے لوگوں کو جناح ہاس کے اندر جانے سے روکا۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ تحقیقات میں شامل ہونا چاہتے ہیں لیکن خدشہ ہے کہ پولیس گرفتار کرلے گی۔ علیمہ خان نے درخواست میں استدعا کی کہ عدالت ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دے۔ عدالت نے علیمہ خان کی 27 جون تک عبوری ضمانت منظور کرلی اور پولیس سے مقدمہ کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ عدالت نے علیمہ خان کو ایک لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کا حکم بھی دیا۔

بقیہ 12

10 لاکھ ایکڑ زیادہ رقبہ پر کپاس کاشت کی گئی ہے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساؤتھ پنجاب کیپٹن ر ثاقب ظفر کی زیر صدارت کپاس کی فصل بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں جنوبی پنجاب کے ایڈمنسٹریٹیو سیکرٹریز نے شرکت کی جبکہ ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان کے کمشنرز اور محکمہ زراعت کے حکام ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے اجلاس کو کاٹن کراپ بارے بریفنگ دی۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساؤتھ پنجاب کیپٹن ر ثاقب ظفر نے ایڈمنسٹریٹیو سیکرٹریز کو کاٹن کراپ مینجمنٹ کا ٹاسک سونپ دیا ہے اور انہیں کپاس کی فصل کی مانیٹرنگ کے لئے اضلاع الاٹ کردئے ہیں۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیپٹن ثاقب ظفر نے کہا کہ کاٹن کیش کراپ اور پاکستان کی معیشت کی ضامن ہے جس سے ملک کی صنعتوں کا پہیہ چلتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کپاس کے مطلوبہ ہدف کے حصول سے 3 ارب ڈالر سے زائد کا زرمبادلہ حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایڈمنسٹریٹیو سیکرٹریز متعلقہ اضلاع کے دورے کے دوران کاٹن کراپ بارے ہفتہ وار رپورٹ بھیجنے کے پابند ہونگے۔ سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کپاس کے ہر کھیت تک پہنچنے کے لئے زرعی گریجوایٹس کی بطور انٹرنیز خدمات حاصل کی جارہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جنوبی پنجاب میں کاشتکاروں کے لئے 49 کسان سہولت سنٹر قائم کئے گئے ہیں۔ سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب نے جلاس کو کپاس کی بیماریوں اور انکے تدارک بارے بھی تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 13

رہا تھا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے فوج کے سینئر افسر، وزیراعظم اور مجھ پر قتل کا الزام لگایا، الزامات کے کوئی ثبوت فراہم نہ کرسکے، جے آئی ٹی نے چیئرمین پی ٹی آئی کو جھوٹا اور مکار قرار دے دیا، انہوں نے اپنے قتل کے غلط الزامات عائد کیے، چیئرمین پی ٹی آئی نے تسلیم کیا کہ انہوں نے سنی سنائی بات پر الزامات عائد کیے۔ وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ نو مئی کو چیئرمین پی ٹی آئی نے اپنی گرفتاری کو ریڈ لائن کے طور پر سامنے رکھا، ایک سال سے غلیل فورس، پٹرول بم کی تیاری کی

بقیہ 14

گزشتہ روز اسلام آباد سے واپسی پر طبیعت ناساز ہوئی، ڈاکٹرز نے چیرمین پی ٹی آئی آرام کی ہدایت کر دی۔ عمران خان گزشتہ روز مختلف کیسز میں ضمانت حاصل کرنے کے لیے لاہور سے اسلام آباد گئے تھے اور مسلسل کئی گھنٹے عدالتوں میں موجود رہے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے دفعہ 144 کی خلاف ورزی، احتجاج اور توڑ پھوڑ پر وفاقی دارالحکومت کے مختلف تھانوں میں درج 9 مقدمات میں سابق وزیراعظم عمران خان کی عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے پولیس کو گرفتاری سے روک دیا تھا۔ پیر کے روز سماعت کے دوران پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان اپنے وکلا کے ہمراہ جوڈیشل کمپلیکس پیش ہوئے جہاں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سید محمود ہارون کی عدالت نے تھانہ کھنہ میں درج مقدمہ میں 30 ہزار روپے مالیتی مچلکوں کے عوض سابق وزیراعظم کی 4 جولائی تک، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فرخ فرید کی عدالت نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے دو مقدمات میں پانچ پانچ ہزار روپے مالیتی مچلکوں کے عوض 4 جولائی تک، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج طاہر عباس سپرا کی عدالت نے تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ ترنول اور تھانہ کراچی کمپنی میں درج مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کے دوران عدالت نے دس، دس ہزار کے ضمانتی مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کرلی۔ عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی 19 جون تک ضمانت منظور کی تھی۔ جب کہ عمران خان نے صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جس جماعت کا ووٹ بینک زیادہ ہوا سے ان کرائسز سے فرق نہیں پڑتا۔ عمران خان نے یہ بھی بتایا کہ میری ہمشیرہ کے ڈرائیور اور باورچی رحیم کو اٹھایا گیا، دونوں کو قید کردیا گیا اور جانوروں کیطرح ایک چھوٹے سے ڈربے میں پھینک دیا گیا، باورچی حیم کو دمے کی بیناری تھی، جب سے وہ واپس لوٹا ہے وینٹیلیٹر پر زندگی اور موت کی کشمکش میں ہے۔ فوجی عدالتوں میں لوگ میرے خلاف گواہ بننے جا رہے ہیں، دوبارہ اقتدار میں آئے تو انصاف کا نظام درست کریں گے

بقیہ 15

لاہور کی قیادت میں وفد کی ملاقات وفد میں راشد علی بھٹی چیف رپورٹر، کلیم ملک سب ایڈیٹر اور ملک نوید بیورو چیف شامل تھے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقعہ پر آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے صدر چوہدری غلام مرتضی جٹ کی طرف سے پرتکلف ظہرانہ دیا گی

بقیہ 16

سپریڈنٹ انجینئر سرکل میرپور خاص سہیل شیخ ایکٹیو انجینئر ڈگری علی رضا علی ڈپٹی ڈائریکٹر PDC حیدرآباد ایس ڈی او ڈگری عاشق علی کلرک اور گریڈ انچارج ڈگری کے خلاف شیڈول سے زیادہ لوڈشیڈنگ کرنے کے خلاف کیس داخل کیا جو عدالت منظور کرتے ہوئے ان تمام افسران کو 5 جولائی کے نوٹس جاری کر دیے ہیں اس کیس میں یہ موقف اختیار کیا گیا ہے کہ جب سے سپریڈنٹ انجینئر سہیل شیخ نے میرپور خاص سرکل کا چارج سنبھالا ہے اس وقت سے ماتحت عملے کو یہ ہدایات دے دی ہیں کے جون کا مہینہ جون کے کلوزنگ منتھ ہے اس لیے زیادہ سے زیادہ بجلی بندکی جائے تا کہ لرسز کم دکھائے جاسکیں اور جھوٹی پروگریس بنائی جاسکے ان افسران کے اس غیرقانونی عمل سے ڈگری کے شہری شدید عذاب میں مبتلا ہیں۔۔۔

بقیہ 17

۔شاہد خاقان عباسی کے وکیل نے عدالت میں دلائل دیئے کہ الزام ہے شاہد خاقان عباسی نے ملی بھگت سے ایل این جی کا ٹھیکہ دیا، انہوں نہیں بلکہ کابینہ نے متفقہ فیصلہ کیا۔ آئندہ سماعت پر ملزمان کے وکلا دلائل جاری رکھیں گے، بعد ازاں عدالت نے کیس کی سماعت 16 جولائی تک ملتوی کردی۔ احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ استحکام پاکستان پارٹی سے ملکی سیاست پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، ملکی سیاست پر استحکام پارٹی کا اثر پڑا تو منفی ہی ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پرفارمنس کے بارے میں عوام الیکشن والے دن بتائیں گے، پاکستان کا بجٹ کوئی بھی بنا سکتا ہے، پیسے ادھار لیں اور بجٹ بنالیں۔ انہوں نے کہا کہ چار سال سے عدالت آرہا ہوں، ابھی تک کیس چلا ہی نہیں، میرے خلاف الزام لگایا تھا تو کیس چلائیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہے تو نیب معافی مانگے، نیب جیسا ادارہ ہوگا تو ملک ترقی نہیں کرے گا، حکومت اسے ختم کرے۔

بقیہ 18

کو جاری کئے گئے بیان میں طارق ملک نے کہا کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں، نوجوان پاکستان کا سرمایہ ہیں اور پارلیمان سے پاکستان کی ترقی و خوشحالی وابستہ ہے۔ ان کی تمام تر کاوشوں اور کوششوں کا مرکز و محور ہمیشہ سے یہی رہا ہے کہ ٹیکنالوجی کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لاتے ہوئے ان تینوں کی ترقی اور بہتری کی راہ ہموار کی جائے کیونکہ یہی راستہ پاکستان کے روشن مستقبل کی طرف جاتا ہے۔ طارق ملک نے کہا کہ اپنی اسی سوچ کے تحت انہوں نے نادرا کی قیادت کی ذمہ داری سنبھالی اور اپنے دوسالہ قیام کے دوران 45 سے زائد جدت آمیز خدمات اور سہولیات متعارف کرائیں جن کا مقصد بچوں، نوجوانوں اور پارلیمان کو مضبوط بنانا، شہریوں کی بھرپور سہولت یقینی بنانا اور ٹیکنالوجی کو ملکی ترقی اور خوشحالی کے لئے استعمال میں لانا ہے۔ طارق ملک نے کہا کہ وہ خود کو اس لحاظ سے خوش قسمت سمجھتے ہیں کہ انہیں کبھی ملازمت کی تلاش نہیں رہی بلکہ اپنے جذبہ تعمیر کے تحت بچوں، نوجوانوں اور پارلیمان کو مضبوط بنانے کے مشن کو آگے بڑھانے کے مواقع ہمیشہ ملتے رہے ہیں۔

بقیہ 19

ایک معمول کا بجٹ ہے کرسی پر ہر چیز اچھی لگتی ہے اپوزیشن میں بری لگتی ہے اس بجٹ میں غریب عوام کیلیے کچھ نہیں ہے کسان کو کچھ نہیں دیا یوریا پیدا کرنے والے فیکٹری مالکان کو فائدہ دیا۔ گاؤں میں بیٹھا کسان تمام مراعات سے محروم ہے۔ میرے دوستوں نے بجٹ کو بہت اچھا کہا اور مجھے حیرانی ہوئی مجھے یہاں وزراء انہیں گر ان کی لینڈ کروزر نظر آتی ہیں میں ان وزراء کو کہتا ہوں کہ جب آپ کرسی پر ہوتے ہیں تو آپ کو سب بڑا اچھا لگنا شروع ہوجاتا ہے یہ بتائیں کہ غریب بندے کو انہوں نے دیا ہی کیا ہے آپ نے زراعت سے متعلق غریب کو کچھ نہیں دیا یوریا فیکٹری مالکان کو سب کچھ دیا ہے آپ تنخواہوں کی بات کرتے ہیں مگر ریڑی والے کا کون سوچے گا 22 گریڈ کے افسران 6 لاکھ تنخواہ لے رہے ہیں جبکہ مراعات علیحدہ ہیں بجلی کے محکمے والوں کو فری بجلی ملتی ہے مگر غریب آدمی نے بل ادا کرنا ہوتا ہے آپ پینشن میں 761 ارب روپے دیتے ہیں۔

بقیہ 20

انتظامیہ نے نان اور روٹی کی قیمتوں میں عملی طور پر کمی نہیں کی بلکہ سرکاری نرخوں کے مطابق قیمتیں وصول کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نان بائی اس سے قبل ہمیشہ انتظامیہ کی مقرر کردہ قیمتوں کے منافی من مرضی کی قیمتیں وصول کرتے رہے ہیں اسلیے ایک مافیا کا روپ دھار چکے ہیں اور اب انکی ڈھٹائی کا یہ عالم ہے کہ اب ضلعی حکومت کے سرکاری نرخوں پر عمل درآمد کرنے کے احکامات ماننے سے ہی انکاری ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کریک ڈاؤن کے احکامات ملنے کے بعد بھی تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس روٹی اور نان سمیت دودھ دہی مہنگے بیچنے والے تندور مالکان کیخلاف کارروائی کرنے سے گریزاں ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ جس علاقے میں روٹی اور نان مہنگے فروخت کئے جائیں اسکی شکایت فوری طور پر فون نمبر 9292530 پر کی جائے جس پر فوری کارروائی کی جائیگی۔ ضلعی حکام کا کہنا ہے کہ مہنگی روٹی نان فروخت کرنے پر نہ صرف بھاری جرمانے کئے جائینگے بلکہ قید کی سزائیں بھی دی جا سکیں گی۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کرنے والے بددیانت افراد اور مافیاز کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ ادھر راولپنڈی کینٹ اور شہر کے لوگوں کو شکایت ہے کہ دکانداروں نے بعض پرچون فروشوں نے ریٹ لسٹیں آویزاں کی ہیں ان میں بھی قیمتیں لکھی ہوئی ہیں حالانکہ پیکٹ پرپرنٹ قیمتوں میں دکاندار کا منافع شامل ہوتا ہے لیکن لالچی عناصر اور قانون کا احترام نہ کرنے والے عناصر کھلے عام خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ چکری روڈ بعض ہول سیلرز اور ڈھوک سیداں گردونواح میں دودھ دہی سمیت دیگر اشیا مہنگی فروخت ہونے کے بارے میں زیادہ شکایات ہیں۔ اس حوالے سے صحافیوں نے اسسٹنٹ کمشنر صدر اور اسسٹنٹ کمشنر کینٹ کو اشیائے صرف خصوصاً روٹی نان کی سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد کروانے کی درخواست کی لیکن اسکے باوجود کوئی ائرکنڈیشنڈ کمروں سے باہر آنے کو تیار نظر نہیں آتا۔ شہریوں نے کمشنر راولپنڈی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ قانون کی عملداری کیلئے فوری اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس مجسٹریٹس کو ٹاسک دیئے جائیں اور غفلت کے مرتکب عناصر کو مس کنڈکٹ کے تحت نوکریوں سے فارغ کیا جائے۔

بقیہ 21

نے سابق وزیراعظم و چیئرمین تحریک انصاف کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست کی سماعت کی۔ آئی جی اسلام آباد نے عدالتی حکم پر اپنی دستخط شدہ رپورٹ جمع کرادی، جس میں بتایا گیا ہے کہ بشریٰ بی بی کے خلاف تھانہ کوہسار میں ایک مقدمہ درج ہے۔ سرکاری وکیل نے عدالت عالیہ کو بتایا کہ سندھ اور پنجاب میں بشریٰ بی بی کیخلاف کوئی مقدمہ درج نہیں۔ وکیل پنجاب حکومت کا کہنا تھا کہ بشریٰ بی بی کی درخواست میں اپنٹی کرپشن فریق نہیں۔ عدالت عالیہ نے خیبرپختونخوا اور بلوچستان پولیس کو مقدمات کی تفصیلات پیش کرنے کا حکم دیدیا

بقیہ 22

کرپشن عدالت کے جج علی رضا اعوان نے کی۔ پراسیکیوشن نے موقف اپنایا کہ پرویز الٰہی کے جوڈیشل ریمانڈ کا فیصلہ کالعدم ہونے سے درخواست ضمانت غیر موثر ہوچکی ہے، سابق وزیراعلیٰ کے جسمانی ریمانڈ پر جانے کی وجہ سے ضمانت نہیں ہوسکتی۔ پراسیکیوشن نے کہا کہ پرویز الٰہی اور دیگر نے ناکام امیدواروں کو جعل سازی سے ملازمت دی تھی، 12 فیل امیدواروں کو گریڈ 17 میں بھی ملازمت دی گئی۔ پرویز الٰہی کے وکیل عاصم چیمہ نے عدالت سے مہلت طلب کی جس پر عدالت نے سماعت (آج) بدھ تک ملتوی کردی۔

بقیہ 23

کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے اور جلد ہی جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کی جائے گی

بقیہ 24

ہزار 60 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 2 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے۔ اس طرح مثبت کیسز کی شرح 0.19 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا تاہم 7 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 25

ہے، وفاقی کابینہ نے ملکی دفاع کے لئے خدمات پر آئی جے پی روڈ کو شہید کرنل شیر خان کے نام سے منسوب کرنے کی منظوری دی تھی۔ کرنل شیر خان روڈ اسلام آباد راولپنڈی کی اہم شاہراہ، موٹروے اور پشاور جانے کا اہم راستہ ہے

بقیہ 26

3 سال کی انکم ٹیکس چھوٹ خوش آئند ہے۔ ہر ٹیکس دہندہ کو ذرائع آمدن بتائے بغیر ایک لاکھ ڈالر لانے کی اجازت دی گئی ہے، جس سے حکومت کو زرمبادلہ کے ذخائر کی کمی پر قابو پانے میں مدد ملے گی جبکہ پہلے یہ صرف 50 لاکھ روپے تک محدود تھی۔ نئے بجٹ کے لئے ٹیکس وصولی 9200 ارب روپے رکھی گئی ہے جبکہ 5300 روپے کا بجٹ خسارہ ہوگا لیکن خسارے کو پورا کرنے کے لیے کسی ذریعہ کی نشاندہی نہیں کی گئی۔ ٹیکس کا ہدف پورا کرنے کے لئے ٹیکس ڈہندگان پر بوجھ بڑھے گا۔ نان فائلرز پر ٹیکس کا بوجھ دوگنا کرنا مناسب نہیں۔ وزیر خزانہ کا کہنا ہے کہ قیمتوں میں کمی کی گئی لیکن ساتھ ہی پٹرولیم لیوی میں 10 روپے اضافہ کرکے مہنگائی بڑھنے کا سبب پیدا کیا ہے۔ پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس میں اسلام آباد انڈسٹریل ایسوسی ایشن کے دیگر رہنما عثمان شوکت، خالد جاوید، میاں اکرام فرید، عاطف اکرام شیخ، طارق صادق، میاں وقاص مسعود، ذکریا اے ضیاء، عامر وحید، مرزا محمد علی، ملک سہیل حسین، نعیم اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 27

جوڈیشل ریمانڈ میں 14 روز کی توسیع کرتے ہوئے ملزم کو 27 جون کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دیا۔ انسداد دہشت گردی نے آئندہ سماعت پر پولیس کو مقدمے کا چالان جمع کرانے کا بھی حکم دیا ہے۔ واضح رہے کہ میاں محمود الرشید ودیگر پر تھانہ شادمان کو جلانے اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کا الزام ہے۔ عدالت نے پی ٹی آئی رہنما کو جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھجوا رکھا ہے جب کہ محمود الرشید جناح ہاؤس حملہ کیس میں بھی جوڈیشل ریمانڈ پر جیل میں ہیں۔

بقیہ 28

انہوں نے کہا کہ میں تحریک انصاف سے علیحدگی کا اعلان کرتا ہوں میں اپنا وقت اپنے اہل خانہ کو دینا چاہتا ہوں

بقیہ 29

طاہر عباس سپرا کی عدالت میں شاہ محمود قریشی پیش ہوئے، جج نے وکیل علی بخاری سے سوال کیا کہ کل آپ کدھر تھے؟ جس پر انہوں نے بتایا کہ چیف کمشنر آفس میں درخواست کے معاملے پر مصروف تھا۔ جج نے کہا کہ کل عمران خان کی درخواست ضمانت پر آپ کا کوئی وکیل پیش نہیں ہوا، میں نے ان کی درخواست ضمانت مسترد کر دی تھی، 19 جون کو دیگر شریک ملزمان کی بھی ضمانتوں کی سماعتیں مقرر ہیں۔ وکیل علی بخاری نے کہا کہ شاہ محمود قریشی قانون کی بالادستی کی بات کرتے ہیں، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ بعدازاں عدالت نے 19 جون تک 10 ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض شاہ محمود قریشی کی ضمانت منظور کرلی

بقیہ 30

بحیرہ عرب کے طوفانوں کی تعداد اور شدت میں اضافہ ہوا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ موجودہ طوفان پر جوائے نے ابتدائی مرحلے میں ہی شدت پکڑ لی تھی۔ موسمیاتی تجزیہ کار نے بتایا ہے کہ موجودہ سمندری طوفان کے دوران سطح سمندر کا درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہا ہے، سطح سمندر کا درجہ حرارت 30 سے 32 درجے معمول سے زیادہ ہے۔ جواد میمن کے مطابق 5 سے 6 سال سے بحیرہ عرب شدید متحرک ہوتا جارہا ہے، اسی سال 5 ٹروپیکل سسٹم بھی بحیرہ عرب میں بنے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ آنے والے وقتوں میں طوفانوں کی شدت اور تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

بقیہ 31

وزارت برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے جوائنٹ سیکرٹری، فوکل پوائنٹ اور نیشنل کنوینر برائے پاکستان کے کلمات کے ساتھ ہوا۔ تقریب میں سینئر حکام جیسے کہ سیکرٹری خوراک، پنجاب، جناب زمان وٹو، سیکرٹری زراعت (AJK) جناب جاوید ایوب، اور صوبائی خوراک، زراعت اور لائیو سٹاک کے محکموں کے ڈائریکٹر جنرلز کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹی تنظیموں (CSOs) اور کنزیومر ایسوی ایشن نیٹ ورک کے نمائندے شریک ہوئے۔ اپنے ابتدائی کلمات میں، چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر غلام محمد علی نے تقریب میں موجود تمام معزز مہمانوں، شرکا، صوبائی اسٹیک ہولڈرز، اور میڈیا کے اراکین کو تہہ دل سے خوش آمدید کہا۔ ڈاکٹر علی نے کسانوں کی مدد اور صارفین کے لیے پائیدار اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی تیاری میں سہولت فراہم کرنے کے لیے پی اے آر سی کے مضبوط عزم پر زور دیا۔ انہوں نے خوراک کی حفاظت کے لیے عالمی رہنما خطوط پر عمل کرنے میں پی اے آر سی کی کوششوں پر بھی زور دیا۔ مزید برآں، چیئرمین نے پی اے آر سی کے اس اہم مقصد کا اعادہ کیا کہ وہ اپنی تحقیق کو بین الاقوامی معیار کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لیے نہ صرف عالمی سطح پر بلکہ ملکی سطح پر بھی خصوصی توجہ کے ساتھ فوڈ سیکیورٹی میں موثر کردار ادا کرے گا۔ تکنیکی بحث کی قیادت کرتے ہوئے، ڈاکٹر غلام صادق آفریدی، ممبر، سوشل سائنسز ڈویژن، پی اے آر سی، ٹیکنیکل ورکنگ گروپ (TWG) کے سیکرٹری اور جناب فیض رسول، سینئر پالیسی ایڈوائزر برائے گلوبل الائنس فار امپروڈ نیوٹریشن (GAIN) کے ساتھ حکومت پاکستان کی طرف سے کی گئی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ پاکستان میں فوڈ سسٹم کی تبدیلی پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے عمل کو فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO)، ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) اور انٹرنیشنل فنڈ فار ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ (IFAD) کے تعاون سے GAIN کو تکنیکی مدد ملی۔ خاص طور پر، صوبائی قیادت نے حاصل کی گئی مجموعی پیشرفت، درپیش چیلنجز، خاص طور پر موسمیاتی تبدیلی کے مضمرات کے حوالے سے (، اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت، اور پاکستان کے غذائی نظام کی تبدیلی کے لیے مختص کی گئی اسٹریٹجک سرمایہ کاری پر روشنی ڈالی۔ تحقیقی مشاورت نے اہم اسٹیک ہولڈرز کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کیا تا کہ ملکر پاکستان کے غذائی نظام کو تبدیل کرنے کے لیے جاری بات چیت میں اپنا حصہ ڈالیں۔ تقریب میں FAO، IFAD، WFP، اور GAIN کے ملکی نمائندوں کی فعال شرکت سے قیمتی تکنیکی بصیرتیں حاصل ہوئیں۔ آج کی دنیا میں، ناقص غذا ہر پانچ میں سے ایک موت کی وجہ ہے۔ مزید برآں، خوراک کی پیداوار اور کھپت ماحولیاتی مسائل جیسے گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج، پانی کا غیر پائیدار استعمال، مٹی کا انحطاط، اور حیاتیاتی تنوع کے نقصان سے جڑے ہوئے ہیں۔ ایک اہم رپورٹ، "دی اسٹیٹ آف فوڈ سیکیورٹی اینڈ نیوٹریشن ان دی ورلڈ 2020 ایک حیران کن اعداد و شمار پر روشنی ڈالتی ہے، جس کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً تین بلین افراد صحت مند غذا تک رسائی کے لیے مالی وسائل سے محروم ہیں۔ ان چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے خوراک کے موجودہ نظام میں ایک جامع تبدیلی کی ضرورت ہے۔

بقیہ 32

رہی ہیں، جبکہ طوفان کے اطراف 30 فٹ اونچی لہریں اٹھ رہی ہیں، سمندر کی سطح کا درجہ حرارت 29 سے 31 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔ سمندر بھرنے سے پانی اور ماڑہ کے رہائشی علاقے میں داخل سمندری طوفان "بپر جوئے" کے اثرات سامنے آنے لگے، سمندر بھرنے سے پانی رہائشی علاقے میں داخل ہوگیا۔ بحیرہ عرب میں موجود سمندری طوفان کے باعث مکران کی سمندری حدود میں طغیانی کے سبب اور ماڑہ دیہی زر میں سمندر بھر گیا، سمندر کا پانی کنارے والی سڑک کو پار کرکے دکانوں، کیمپنیوں اور آبادی کے علاقوں میں داخل ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ سائیکلون پر جوئے کل کیٹی بندر سے ٹکرانے کا امکان ہے۔ پانی آبادی میں داخل ہونے سے لوگ شدید پریشان ہیں، سمندر میں شدید طغیانی کے سبب ماہی گیروں کی املاک کو شدید نقصانات کا اندیشہ ہے۔ سندھ میں تیز ہوائیں اور بارش متوقع چیف میٹرولوجسٹ کا کہنا ہے کہ طوفان کے باعث ملک بھر میں بارشوں کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ 33

محسوس کی گئی، جبکہ حافظ آباد، جہلم، سوات اور ایبٹ آباد میں بھی زلزلہ کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلے کے باعث لوگوں میں خوف و ہراس پھیلایا گیا، لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں اور دفاتر سے باہر نکل آئے۔ یاد رہے کہ 6 جون کو بھی رات گئے بلوچستان کئی علاقوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے تھے، بلوچستان کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے باعث خوف و ہراس پھیل گیا تھا، زلزلے کی شدت 4 عشاریہ 2 جبکہ گہرائی 10 کلومیٹر تھی، زلزلے کا مرکز خضدار سے 35 کلومیٹر دور کا علاقہ بتایا گیا تھا۔ گہرائی کم ہونے کی وجہ سے زلزلے کی شدت زیادہ محسوس کی گئی، زلزلے کی وجہ سے لوگ خوفزدہ ہوکر گھروں اور عمارتوں سے باہر نکل آئے۔ تاہم زلزلے کے باعث کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا تھا۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں چند ہی گھنٹوں کے دوران آنے والا دوسرا زلزلہ تھا۔ جبکہ اس سے قبل بھی سوات شہر اور گردونواح میں زلزلہ محسوس کیا گیا تھا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4 اور گہرائی 125 کلو میٹر تھی، زلزلے کا مرکز پاک افغان تاجکستان کا سرحدی علاقہ تھا

بقیہ 34

21 جون تک فریقین سے جواب بھی طلب کرلیا۔ قبل ازیں سیکرٹری قومی اسمبلی نے لاہور ہائیکورٹ میں انٹرا کورٹ اپیل دائر کی، اپیل میں 61 مستعفی ارکان اسمبلی، اسپیکر قومی اسمبلی، الیکشن کمیشن اور وفاقی حکومت کو فریق بنا گیا۔ اپیل میں مؤقف اپنایا گیا کہ تحریک عدم اعتماد کامیاب ہونے تحریک انصاف کے 123 ارکان نے استعفے دیئے، اسپیکر قومی اسمبلی نے 11 ارکان کے درست استعفے منظور کرلیے۔

بقیہ 35

مغربی ممالک پاکستان کو اب بھی کالونی سمجھتے ہیں، چین نے بہت سارے منصوبوں میں دلچسپی ظاہر کی ہے، ہم گزشتہ حکومت کے عزائم سمجھ چکے تھے، دنیا کے ساتھ اعتماد بحال کرنے میں وقت لگے گا۔ انہوں نے کہا کہ قومی وحدت کے ساتھ ملک کو آگے لے کر جائیں گے، روس کو بھی ابھی سمجھ آگئی ہے کہ اسلامی ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کرنے ہیں، ہم نے پہلے ہی سے تمام ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کرنے کی تائید کی ہے۔

بقیہ 36

ھانا چاہیے۔ گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ اپووا وفد سے یہ تعارفی میٹنگ تھی جلد آپ لوگوں کے ساتھ ایک تفصیلی ملاقات ہوگی جس میں آپ اپنے باقی ممبران اور خواتین ونگ کے ساتھ تشریف لائیں۔ آخر میں اپووا کی جانب سے گورنر پنجاب کو یادگاری شیلڈ دی گئی اور گورنر صاحب کے ہاتھوں وفد کے ارکان کو بھی سرٹیفکیٹ دیے گئے۔

بقیہ 37

وکیل کے مدلل ٹھوس دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے مورخہ 13-06-2023 کو ملزم کو باعزت بری کردیا

بقیہ 38

میں 3 ہزار کو رات بھر منتقل کیا گیا ہے، گھوڑا باڑی کی 5 ہزار لوگ خطرے میں آبادی کے 100 لوگوں کو محفوظ جگہوں پر منتقل کیا گیا ہے، شہید فاضل راہو کی 4 ہزار آبادی کو طوفان کا خطرہ ہے، جس میں سے 3 ہزار کو منتقل کیا گیا ہے، بدین کی 2500 آبادی کو خطرہ ہے، جس میں سے 540 ابھی تک محفوظ مقام پر منتقل ہو چکے ہیں، شاہ بندر کی 5 ہزار آبادی سمندری طوفان کی زد میں آنے کا خطرہ ہے اس لیئے 90 لوگوں کو رات منتقل کیا گیا ہے، جاتی کی 10 ہزار آبادی کو طوفان کا خطرہ ہے، اس لئے رات بھر 100 لوگوں کو منتقل کیا گیا، کھارو چھان کی 1300 کی آبادی کو خطرہ ہے، جس میں سے 6 لوگ رات بھر منتقل کیے گئے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے بتایا کہ ابھی تک 40800 میں سے 6836 لوگ منتقل ہو چکے ہیں باقی لوگوں کی منتقلی کا سلسلہ جاری رہیگا۔ انہوں نے کہا کہ ٹھٹھہ، بدین، اور سجاول اضلاع کے لوگوں کو بھی انتظامیہ منتقل کرتی رہے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے لوگوں کو اپیل کی کہ انتظامیہ سے تعاون کریں اور محفوظ مقام پر منتقل ہوجائیں۔

بقیہ 39

کے ساتھ رہائش اختیار کریں۔ دوسری جانب جب ایک متعلقہ خاتون فیکلٹی نے ادارے سے انصاف کا تقاضا کیا تو آئی بی اے نے خاتون فیکلٹی کو ہی صرف اس لیے شوکاز نوٹس دے دیا کہ انہوں نے اپنے حق کے لیے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کے دفتر کے باہر احتجاج کیا تھا خاتون فیکلٹی ڈائریکٹر آئی بی اے کے دفتر کے باہر احتجاج کرتے ہوئے معاملے کی تحقیقاتی رپورٹ جاری کرنے کی تقاضا کیا تھا۔ علاوہ ازیں دستاویزات کے مطابق دو خواتین اساتذہ کو وزیٹنگ فیکلٹی ریزیڈنس سے بے دخل کرنے کے احکامات انسٹی ٹیوٹ کے رجسٹرار اسد الیاس کی جانب سے سامنے آئے ہیں

بقیہ 40

نئے ٹیکس مہنگائی کا پیش خیمہ ثابت نہیں ہوں گے۔ جبکہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں بریفنگ کے دوران وزیر مملکت خزانہ عائشہ غوث پاشا نے کہا کہ عالمی مہنگائی میں کمی کے بعد پاکستان میں بھی مہنگائی کم ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بجٹ میں ایف بی آر نے 223 ارب روپے کے نئے ٹیکس لگانے کی تجویز دی ہے، 88 فیصد نئے ٹیکس ایسے ہیں جو براہ راست ٹیکس ہیں تاہم ایف بی آر کے نئے ٹیکس مہنگائی کا پیش خیمہ ثابت نہیں ہوں گے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ آئی ایم ایف کا مطالبہ یہ تھا پرائمری سرپلس ہونا چاہیے جو نئے بجٹ میں ہے، آئی ایم ایف سبسڈیز کی مخالفت کرتا ہے، جس کو اس بجٹ میں کم کیا ہے۔

بقیہ 41

کی قیمتیں کم ہوں گی اور ان میں تیس سے چالیس روپے فی لیٹر تک کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق 45 ہزار ٹن تیل کی پہلی کھیپ PRL ریفائنری میں ریفائن ہوگی، جس میں پارکو بھی اپنا حصہ ڈالے گی، آئندہ دو ہفتوں میں روسی تیل مارکیٹ میں آجائے گا۔ پاکستان اور روس کے درمیان ابتدائی طور پر ایک لاکھ بیرل تیل کا معاہدہ طے ہوا ہے، پہلی کھیپ کے نتائج کے بعد سات لاکھ بیرل تیل پاکستان آئے گا۔ روسی تیل سے قیمتوں سے ریلیف کے اثرات یکم جولائی تک آنے کا امکان ہے

بقیہ 42

جہاز کو ریت میں دھنسنے سے بچالیا۔ دوسری جانب ترجمان پی این ایس سی نے کہا ہے کہ جہاز کے انجن میں خرابی کو دور کردیا گیا ہے

بقیہ 43

کے سوال پر پرویز الٰہی نے کہا کہ مجھے ملنے نہیں دیا جا رہا، پریس کانفرنس کیسے کر دوں؟، ادھر بھی میڈیا سے بات نہیں کرنے دی جارہی، آپ میری حالت دیکھ رہے ہیں، مجھے کس حالت میں پیش کیا گیا ہے

بقیہ 44

میں بھی پچیس افراد مارے جانے کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا، وہ اب بھی جھوٹ بول رہے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان نے الزام عائد کیا تھا کہ میری ہمشیرہ کے ڈرائیور اور باورچی رحیم کو اٹھایا گیا، دونوں کو قید کردیا گیا اور جانوروں کیطرح ایک چھوٹے سے ڈربے میں پھینک دیا گیا، باورچی حیم کو دمے کی بیناری تھی، جب سے وہ واپس لوٹا ہے وینٹیلیٹر پر زندگی اور موت کی کشمکش میں ہے۔ واضح رہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان کا کہنا ہے کہ میری بہنوں کا تنگ کیا جارہا ہے، ایک بہن کی بہو کے پاس پہنچ گئے کہ آپ کا نام جیوفینسنگ میں آیا ہے، ایک بہن کے بیٹے کو پکڑنے کی کوشش کررہے ہیں اس کے باورچی کو پکڑ کرلے گئے، وہ واپس آیا تو 2 ہفتوں سے آئی سی یو میں ہے، ایک بہن کیخلاف اینٹی کرپشن متحرک ہے، میں نے بہنوں کو کہا بیرون ملک چلی جائیں لیکن انہوں نے انکار کردیا، میں بھی کیسز کا سامنا کروں گا بیرون ملک نہیں جاوں گا کیوں کہ میں نے کوئی غلط کام نہیں کیا کوئی کرپشن نہیں کی۔ خیال رہے کہ وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ہے کہ عمران خان کی بہن عظمیٰ خان نے لیہ سے اربوں مالیت کی 5216 کنال اراضی غیر قانونی طریقے سے کوڑیوں کے بھاؤ خریدی، عمران کی بہن بھی عمران خان کی ڈگر پر چل پڑی ہیں، عمران خان کو 190 ملین پاؤنڈ سمیت دیگر کی گئی کرپشن کا جواب دینا ہوگا۔ جو لوگ آپ کو چھوڑ کر جارہے ہیں ان پر کسی قسم کا کوئی دباؤ نہیں، انہوں نے ماں دھرتی کے خلاف کھڑا ہونے سے انکار دیا ہے۔ شہدا کی بے حرمتی سے بڑی کوئی لعنت نہیں ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطاء تارڑ کا کہنا تھا کہ یہ ملک شہداء کی قربانیوں کی مرہوں منت ہے، پاک فوج کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی دنیا معترف ہے۔ شہدا کی بے حرمتی سے بڑی کوئی لعنت نہیں ہے۔

بقیہ 45

سعودی عرب آمد کیلئے فلائٹ آپریشن 21 جون تک جاری رہے گا۔ ترجمان کے مطابق 304 پاکستانی ڈاکٹرز اور طبی عملہ پر مشتمل حج میڈیکل مشن عازمین حج کو طبی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ مکہ اور مدینہ میں مرکزی ہسپتال، 9 ڈسپنسریوں اور فرسٹ ایڈ ٹیموں کے ذریعے طبی سہولیات کی فراہمی جاری ہے۔ گمشدگی و بازیابی، مانیٹرنگ، حرم گائیڈز، کال سینٹر، مدینہ روانگی، اکاونٹس، وہیل چیئرز کے شعبہ جات مصروف عمل ہیں۔ 126 حج گروپ آرگنائزرز کی مانیٹرنگ مکمل، 13 شکایات کا ازالہ، 4 کمیٹی کے سپرد کردی گئیں۔

بقیہ 46

کی سماعت کی۔ پی ٹی آئی ارکان اسمبلی کی بحالی سے متعلق درخواست میں فواد چوہدری، شاہ محمود قریشی، حماد اظہر سمیت 61 مستعفی اراکین اسمبلی، سپیکر قومی اسمبلی، الیکشن کمیشن اور وفاقی حکومت فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ تحریک عدم اعتماد کامیاب ہونے پر پی ٹی آئی کے 123 اراکین قومی اسمبلی نے استعفیٰ دیئے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے 11 ارکان کے استعفے 28 مئی کو منظور کئے جبکہ باقی ارکان کے استعفے قانون کے مطابق 17 جنوری کو منظور کئے گئے۔ درخواست کے مطابق لاہور ہائی کورٹ کے سنگل بینچ نے قانون کے برعکس 19 مئی کو ارکان کی بحالی کا فیصلہ دیا لہٰذا عدالت انٹرا کورٹ اپیل منظور کرتے ہوئے فیصلہ کالعدم قرار دے۔ عدالت نے پی ٹی آئی کے ارکان قومی اسمبلی کی بحالی کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے فریقین سے 21 جون تک جواب طلب کرلیا

بقیہ 47

نے جسمانی ریمانڈ نہ دینے پر فیصلے کو سیشن عدالت میں چیلنج کیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ سیشن عدالت نے کسی قانونی جواز کے بغیر جوڈیشل مجسٹریٹ کا حکم معطل کیا، دوبارہ جسمانی ریمانڈ دینے کا فیصلہ بے بنیاد ہے، عدالت سیشن عدالت کے فیصلے کو کالعدم قرار دے۔ لاہور ہائیکورٹ نے پرویز الٰہی کو دوبارہ جسمانی ریمانڈ کیلئے پیش کرنے کا سیشن عدالت کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے سابق وزیراعلیٰ کی اپیل پر فریقین سے جواب طلب کرلیا

بقیہ 48

میں انتخابات آئینی مدت پوری ہونے کے بعد ہوں گے، انتخابات کروانا کسی کے چاہنے یا نہ چاہنے کی بات نہیں، آئینی مدت پوری ہونے کے بعد اکتوبر یا نومبر میں انتخابات ہوں گے، نواز شریف پاکستان ضرور واپس آئیں گے، ن لیگ اپنے پلیٹ فارم سے آئندہ انتخابات لڑے گی، آئین واضح ہے انتخابات ہوں گے، جو نگران حکومت آئے گی اس کا مینڈیٹ آئین کے مطابق دیئے گئے وقت میں انتخابات کروانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے اپنے سابقہ دور اقتدار میں ملک میں 11 ہزار میگاواٹ بجلی کے منصوبے لگائے، مسلم لیگ (ن) کے گزشتہ دور میں کراچی کی روشنیاں بحال ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم 75 سال میں پیچھے رہ گئے، اس لئے ترقی نہ کرسکے کہ سیاسی عدم استحکام اور نفرت وانتہا پسندی کا شکار رہے، ہمارا مسئلہ سیاسی عدم استحکام ہے، ہمارے ہاں پالیسیوں کا تسلسل نہیں رہا، دیگر ممالک ہم سے آگے نکل گئے۔ بنگلہ دیش، انڈونیشیا، ملائیشیا اس کی مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم اور نوجوانوں سے اپیل ہے کہ اختلاف رائے ضرور رکھیں لیکن نفرت نہ پالیں، اختلاف رائے کو ہم نے نفرت میں بدل دیا ہے، معاشرے کو پولرائز کر دیا ہے جبکہ اسے استحکام کی اشد ضرورت ہے، معاشرے کو ڈی پولرائز کرنا ہوگا۔ یہاں استحکام، برداشت، صبر اور ترقی کا سبق پروان چڑھانا ہوگا اور یہ سوچنا ہوگا کہ نفرت سے معاشرے نہیں چل سکتے، ہمیں ایک دوسرے پر تنقید میں احترام سامنے رکھنا چاہیئے، ہمیں اس نوجوان نسل کو اچھا مستقبل دینے کی طرف جانا ہوگا۔

بقیہ 49

سی طرح رہی تو مزید اقدامات کریں گے، کیٹی بندر کی آبادی کو محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا ہے، سجاول کے 90 فیصد افراد کو بھی منتقل کیا جاچکا ہے، 50 ہزار افراد کو دیگر مقامات پر منتقل کیا جائے گا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر توانائی خرم دستگیر نے کہا ہے کہ سائیکلون کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کے اقدامات قابل ستائش ہیں، ابھی صورتحال معمول کے مطابق ہے، لوکل ٹرانسمیشن متاثر ہوسکتی ہے، تھر میں 2 ہزار میگاواٹ کا اضافہ کیا گیا، بجلی بنانے کے کارخانوں کو روکا جاسکتا ہے، وزیر آبی ذرائع کے مشکور ہیں انہوں نے تربیلا سے بجلی پوری کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ میجر پلانٹ کو آف لائن کرنا پڑا تو کر سکتے ہیں، آف لائن 96 گھنٹے تک ہو سکتی ہے، لوڈشیڈنگ میں تھوڑا سا اضافہ ہوسکتا ہے، بجلی کا نظام مکمل طور پر فعال ہے، ٹھٹھہ، بدین اور حیدرآباد کی انتظامیہ سے بھی مکمل رابطے میں ہے۔

بقیہ 50

ہیں، آپ ٹیکس لینے کے بجائے دوسرے طریقے سے رقم نکلوانے کی کوششوں میں ہیں، پہلے ایف بی آر دکانداروں کو تو ٹیکس نیٹ میں لے کر آجائے۔ اس موقع پر سعدیہ عباسی نے کہا کہ بینکوں کے ونڈ فال منافع کو ٹیکس کریں۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ وہ تو اسٹیٹ بینک نے ان کو کلین چٹ دے دی، بیرون ملک مقیم افراد کو ادائیگی کے لیے خود کار سسٹم ایک ماہ کے اندر فیصلہ کرے گا۔ اجلاس میں کمیٹی اراکین نے ذیلی کمپنیوں کے ذریعے کاروبار پر ٹیکس لینے کی تجویز کی مخالفت کردی۔

بقیہ 51

نے شرکت کی۔ اجلاس میں چینی کمپنی ہواوے نے سیف سٹی پراجیکٹ لاہور کے غیر فعال کیمرے ٹھیک کرانے کی ذمہ داری اٹھائی۔ اس ضمن میں ڈاکٹر عثمان انور کا کہنا تھا کہ چینی کمپنی کا سامان بذریعہ کارگو شپ 21 جون کو پہنچ رہا ہے جس کے بعد فوری کام کا آغاز ہو جائے گا، کمپنی 14 اگست تک دو ہزار سی سی ٹی وی کیمرے درست کرے گی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سیف سٹی اتھارٹی کے مزید 500 کیمروں کو بھی دیگر ذرائع سے ٹھیک کیا جارہا ہے، کیمروں کے فعال ہونے سے سکیورٹی مانیٹرنگ کا عمل مزید موثر ہوگا۔ ڈاکٹر عثمان انور کا مزید کہنا تھا کہ نجی کمپنی کے مطابق 14 اگست تک 6 ہزار 500 کیمرے مکمل فعال حالت میں ہوں گے، سیف سٹی کی ورکنگ میں سافٹ وئیر کے تمام مسائل کو حل کر لیا جب کہ چہرہ شناخت کا سسٹم بھی دوبارہ فعال ہو چکا ہے

بقیہ 52

معاہدے پر عمل درآمد میں تعاون کو مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ امید ہے یورپی یونین ابھرتے ہوئے عالمی چیلنجز اور غیر روایتی سلامتی کے خطرات بشمول موسمیاتی تبدیلی، وبائی امراض، پانی، توانائی اور غذائی تحفظ جیسے مسائل سے نمٹنے میں قائدانہ کردار ادا کرے گی۔ وزیر مملکت نے جی ایس پی پلس سکیم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور حکومت میں پاکستان اور یورپی یونین کی تجارت میں اضافہ ہوا ہے جس نے پاکستان میں ترقی، غربت کے خاتمے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فریقین کے لئے ایک جیسے فائدے کا باعث بھی ہے

بقیہ 53

ہیں، اس حوالے سے کنٹرول روم ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے آفس میں بنایا گیا ہے۔

بقیہ 54

پٹی ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد ڈاکٹر حبیب الرحمٰن نے سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کا اضافی چارج سنبھالنے کے بعد ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کے برانچ افسران کے ساتھ ہونے والی اپنی پہلی تعارفی میٹنگ کے موقع پر کیا۔ سیکرٹری بورڈ نے کہا کہ غفلت و لاپرواہی کے مرتکب جبکہ محنتی اور ڈسپلن کے پابند ملازمین کسی بھی صورت ایک جیسے نہیں ہوسکتے کیونکہ اداروں میں عزت صرف محنت، لگن اور دیانتداری سے اپنے فرائض سرانجام دینے والے ملازمین کو میسر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام برانچ افسران اپنی فائلوں کو ہر لحاظ سے مکمل اور چھان پرکھ کرلائیں

بقیہ 55

واہی کا مظاہرہ کرنے پر SI فضل کریم SI طاہر بشیر اور HC محمد اقبال کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے

بقیہ 56

جودہ قانون کے تحت تین رکنی بینچ نظر ثانی درخواست سن نہیں سکتا۔ درخواست گزار کے وکیل نے دلائل دیئے کہ سپریم کورٹ ریویو اینڈ ججمنٹ آرڈر آئین کے آرٹیکل دس سے متصادم اور عدلیہ کی آزادی میں مداخلت ہے، ریویو اینڈ ججمنٹ آرڈر قانون کو معطل کرکے 8 رکنی بینچ کے سامنے سماعت کے لئے مقرر کیا جائے۔ چیف جسٹس نے ججمنٹ ری ویو ایکٹ فوری معطل کرنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ہم بار بار قانون معطل نہیں کر سکتے ہم نے پہلے ایک قانون معطل کیا، اب دوسرے کو معطل نہیں کیا جاسکتا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اگر قانون کیخلاف کیس مضبوط نہ ہوا تو آئندہ لائحہ عمل طے کریں گے۔ پی ٹی آئی نے ری ویو ایکٹ کیس میں فریق بننے کی درخواست کی جو عدالت نے منظور کرلی۔ پی ٹی آئی وکیل علی ظفر نے دلائل دیئے کہ درخواست پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب نے دائر کی ہے، سپریم کورٹ کے پاس اختیار ہے کہ فیصلوں پر نظر ثانی کرسکتی ہے، نظر ثانی اور اپیل دو الگ الگ دائرہ اختیار ہیں، آئین سپریم کورٹ فیصلے کے خلاف اپیل کا نہیں کہتا، کسی معاملے پر مجلس شوریٰ آئین کے مطابق قانون سازی کرسکتی ہے، کوئی بھی قانون بنیادی آئین کی خلاف ورزی میں نہیں بنایا جاسکتا۔ جسٹس منیب اختر نے استفسار کیا کہ آرٹیکل 188 کو ایکٹ آف پارلیمنٹ سے مشروط کیا گیا، کیا ایکٹ کے ذریعے نظر ثانی کی محض نوعیت نہیں بدلی گئی؟۔ وکیل علی ظفر نے کہا کہ ایسے ہی قوانین بنتے رہے تو کیا پتہ کل سیکنڈ اپیل کا قانون آجائے، نئے ایکٹ سے نظر ثانی کو اپیل جیسا اختیار دیا گیا ہے، اپیل در اپیل کا حق ملتا گیا تو سپریم کورٹ کے فیصلے حتمی نہیں ہونگے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ اپیل اور نظر ثانی میں بہت فرق ہے، اب ایکٹ سے اپیل اور نظر ثانی کو یکساں کردیا گیا ہے، کیا اب اس اپیل کے خلاف بھی نظر ثانی میں جانے کا آپشن ہوگا؟۔ بعدازاں سپریم کورٹ نے ریویو اینڈ ججمنٹ آرڈرز 2023 قانون کیخلاف کیس کی سماعت (آج) بدھ تک ملتوی کردی۔

بقیہ 57

فراہمی میں مشکلات کا سامنا ہے، آٹے کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ کا امکان ہے۔ فلور ملز ایسوی ایشن نے اہم اجلاس طلب کرلیا اجلاس کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس کی جائے گی

بقیہ 58

نے مزید بہتری کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کی،

بقیہ 59

ہے کہ بلوچستان کے ترقیاتی فنڈز میں اضافہ کیا جائے، سندھ کو سیلاب کے حوالے سے جو گرانٹ ملنا تھی آج تک نہیں ملی، نو مئی کے واقعات میں ملوث افراد کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے، ماسٹر مائنڈ کو بھی کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 60

جہاں صندل خٹک کے پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی۔ صندل خٹک کے وکلاء نے جسمانی ریمانڈ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ موبائل فون تفتیشی افسر کو دے چکے ہیں، جسمانی ریمانڈ کی ضرورت نہیں۔ عدالت نے ایف آئی اے کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے صندل خٹک کا 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ منظور کیا۔ ایف آئی اے نے کہا اس مقدمے میں دوسری خاتون عائشہ ناز کو بھی شامل تفتیش کرنا ہے، عدالت صندل خٹک کو جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کرے۔ خیال رہے کہ گذشتہ روز اسلام آباد کی عدالت میں ٹک ٹاک سٹار حریم شاہ کی نازیبا ویڈیو لیک کیس پر سماعت ہوئی

بقیہ 61

یز اختر، سوشل ڈویلپمنٹ سپیشلسٹ احسان فاروقی، انوار مغل لسٹ محمد عمران، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محمد اشفاق، میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر صدام حسین موجود تھے۔ سینئر پروگرام آفیسر نے مزید کہا کہ میونسپل انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شہر بھر کے پارکس روڈز، سٹریٹ لائٹس، سیوریج سسٹم، واٹر سپلائی اور خاص طور پر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر کا آغاز جلد کر دیا جائے گا۔ مقامی انتظامیہ کی خصوصی کاوشوں سے جڑانوالہ شہر پنجاب کی مثالی تحصیل کا نمونہ پیش کرے گی

بقیہ 62

سے خطاب کررہے تھے۔ تقریب میں آمد پر ڈاکٹر توقیر گیلانی اور انکے ساتھیوں کا دربار شریف کے صاحبزدگان اور وابستگان نے زبردست استقبال کیا اور اُن پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر توقیر گیلانی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بے پناہ نعمتوں سے نوازا ہے اور ان نعمتوں میں آزادی اللہ کی سب سے بڑی نعمت ہے۔ اللہ کی ان نعمتوں کی حفاظت ہر انسان پر فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست جموں کشمیر پر زبردستی قبضہ کرکے اُس کو جبراً تقسیم کیا گیا ہے، گزشتہ 76 سال سے ہمارے خاندان، گھر بار اور عوام تقسیم ہیں اور ہماری زمینوں، جائیدادوں اور وسائل پر قابض ممالک ڈاکے ڈال کرلوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بزرگان دین نے عوام کو جوڑنے اور تعصبات کو ختم کرنے کی تبلیغ کی تاکہ ہم سب مل کر اپنی بھلائی اور مدد کر سکیں اور ایک دوسرے کا خیال رکھیں۔

بقیہ 63

منسلک خطرات بدستور برقرار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طوفان غیر متوقع طور پر رفتار اور سمت تبدیل کرسکتا ہے، بھارت کے ساحل کے ساتھ ساتھ اس کا رخ پاکستان کے ساحلی علاقوں کی طرف بھی ہے، ہمیں افراتفری سے اجتناب برتتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پر جوائے انتہائی شدید طوفان میں تبدیل ہوا ہے جس کی سطح پر ہواؤں کی رفتار 140 سے 150 کلومیٹر ہے جبکہ اس کے مرکز میں 170 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔ طوفان کراچی سے 440 کلومیٹر جنوب، ٹھٹھہ سے 430 کلومیٹر دور اور اورماڑہ سے 555 کلومیٹر جنوب مشرق میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمندری طوفان کے جون 14 کی صبح تک شمال کی سمت جبکہ بعدازاں مشرق کی جانب رخ بدلنے کا امکان ہے۔ 15 جون کی سہ پہر یہ انتہائی شدید طوفان کی صورت میں سندھ کے جنوب مشرقی ساحلی علاقہ کیٹی بندر اور بھارتی گجرات کے ساحل کے درمیانی علاقہ میں ٹکرا سکتا ہے، سمندری طوفان کی وجہ سے ٹھٹھہ، بدین، سجاول، تھرپارکر، کراچی، میرپور خاص، عمرکوٹ، حیدرآباد، اورماڑہ، ٹنڈو الہ یار خان اور ٹنڈو محمد خان کے علاقے متاثر ہوں گے جہاں تیز اور تند ہواؤں کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ طوفان کی صورتحال کو مسلسل مانیٹر کیا جارہا ہے

بقیہ 64

سکتی ہے، ڈالر کل تک 295 روپے تک آسکتا ہے۔ چیئرمین ایکسچینج کمپنیز ایسوی ایشن ملک بوستان کا کہنا ہے کہ اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ رکے ہوئے ڈالرز فوری ادا کریں، بینکوں نے آج 5 ملین ڈالر ایکسچینج کمپنیوں کو دیئے ہیں، اسٹیٹ بینک کے اقدامات کی وجہ سے ڈالر اوپن مارکیٹ میں سستا ہوا ہے۔ دوسری جانب ملک میں تیل و گیس کی پیداوار میں گزشتہ ہفتہ کے دوران ہفتہ وار بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پی پی آئی ایس اور انڈسٹری کے اعداد و شمار کے مطابق 8 جون کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 69865 بیرل ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 3 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ سے پیوستہ ہفتہ میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 67637 بیرل ریکارڈ کی گئی تھی

بقیہ 65

میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط اور وسعت دینا ہے، مشترکہ منصوبوں کے ڈائریکٹر بریگیڈیئر جنرل فواز الحربی نے دستخط کی تقریب کے دوران کویتی فوج کی نمائندگی کی، پاکستان کی جانب سے کویت میں اسلام آباد کے سفیر ملک محمد فاروق نے معاہدے کو حتمی شکل دینے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ کویت کی وزارت دفاع سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ معاہدہ کویت اور پاکستان کے درمیان مختلف شعبوں بالخصوص دفاعی اور عسکری شعبوں میں تعاون کو بڑھانے اور قریبی تعلقات کو فروغ دینے کی جاری کوششوں پر استوار ہے

پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے چین کو اعتماد چاہئے، فضل الرحمان

سی پیک کے 10 سال پورے ہوگئے، اس منصوبے میں پاکستان کی ترقی کا راز ہے، سربراہ جمعیت علما اسلام

چین کے ساتھ دوستی کو مزید مضبوط کرنا ہوگا، چین نے اپنے پیسوں سے گوادر میں بین الاقوامی معیار کا ایئرپورٹ بنایا

پشاور(اسپیشل رپورٹر) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے چین کو اعتماد کی ضرورت ہے، چین کے ساتھ دوستی میں جو بھی رکاوٹ آئے اسے ملیا میٹ کر دینا چاہیے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ چین کے ساتھ دوستی کو مزید مضبوط کرنا ہوگا، چین نے اپنے پیسوں سے گوادر میں بین الاقوامی معیار کا ایئرپورٹ بنایا، سی پیک کے 10 سال پورے ہوگئے، اس منصوبے میں پاکستان کی ترقی کا راز ہے۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ چین کے ساتھ دوستی پاکستان میں غیر متنازعہ ہے، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن نے چین کے حوالے سے پالیسی کو تسلسل سے اپنایا، سی پیک صرف ایک سڑک نہیں اس کے ساتھ بہت سے اور منصوبے منسلک تھے۔جمعیت علما اسلام کے سربراہ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 35)

لاہور: جناح ہاؤس جلانے والے کو" گڈ ٹو سی یو "نہ کہا جاتا تو آج ہم شرمندہ نہ ہوتے: مریم اورنگزیب

پر جوئے کراچی سے 420 کلومیٹر دور، شہر میں گرد آلود ہوائیں چلنے لگیں

بعض مقامات پر مٹی کا طوفان بھی آیا، ناخوشگوار حالات سے نمٹنے کیلئے پاک فوج کے حفاظتی دستے بھی تیار ہیں

یہ سسٹم کراچی سے 420 کلومیٹر، ٹھٹھہ سے 460 کلومیٹر اور اورماڑہ سے 650 کلومیٹر کے فاصلے پر موجود ہے

کراچی(نمائندہ خصوصی)سمندری طوفان پر جوئےکا کراچی سے فاصلہ کم ہوکر 420 کلومیٹر رہ گیا جس کے باعث شہر میں گردآلود ہوائیں چلنے لگی ہیں اور بعض مقامات پر مٹی کا طوفان بھی آیا، ناخوشگوار حالات سے نمٹنے کیلئے پاک فوج کے حفاظتی دستے بھی تیار ہیں۔محکمہ موسمیات کی جانب سے سمندری طوفان کے حوالے سے 15واں الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔جس کے مطابق یہ سسٹم کراچی سے 420 کلومیٹر،ٹھٹھہ سے 460 کلومیٹر اور اورماڑہ سے 650 کلومیٹر کے فاصلے پر موجود ہے،طوفان مسلسل شمال کی جانب 4 سے 5 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے بڑھ رہا ہے، طوفان کا رخ شمال مشرق کی جانب مڑنے کا امکان ہے۔چیف میٹرولوجسٹ نے کہا کہ طوفان کی زیادہ سے زیادہ شدت کے ساتھ ہوائیں 140 سے 170 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل(بقیہ نمبر 32)

کراچی: سمندری طوفان: ضلع ٹھٹھہ اور سجاول میں فوجی دستے تعینات

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن) اپووا(کے وفد گورنر ہاؤس میں بلیغ الرحمٰن کو یادگاری شیلڈ دیتے ہوئے

نوجوانوں میں مثبت سوچ کو پروان چڑھانے میں اپووا کا کردار مثالی ہے، گورنر پنجاب

اپووا، کے وفد کی گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن سے ان کے آفس میں ملاقات

لاہور(اسپیشل رپورٹر) قلم کاروں لکھاریوں صحافیوں ادیبوں اور شاعروں کی نمائندہ جماعت آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن) اپووا(کیوفد نے اپووا کے سرپرست اعلیٰ زبیر احمد انصاری اور بانی وصدر ایم ایم علی کی قیادت میں گورنر ہاؤس لاہور میں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن صاحب سے ملاقات کی۔وفد میں حافظ محمد زاہد محمد اسلم سیالسفیان فاروقی محمد فاروق خان ایڈووکیٹ شاہد رانجھا،عمر شاہ،محمد بلال اور محمد اشفاق شامل تھے۔زبیر احمد انصاری نے تنظیم کا تفصیلی تعارف پیش کیا جبکہ حافظ محمد زاہد نے تنظیم کی مجموعی کارکردگی پر گورنر پنجاب کو بریف کیا گورنر پنجاب نے فرداً فرداً ہر ایک سے تعارف سننے اور بحیثیت مجموعی تنظیم کی کارکردگی جاننے کے بعد اپووا کی ادبی کاوشوں کو خوب سراہا ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی معاشرے اور بالخصوص نوجوانوں میں مثبت رویوں کو پروان چڑھانے اور نوجوانوں کی کردار سازی کے لیے اپووا کا کردار نہ صرف قابل تعریف ہےبلکہ باقی لوگوں کے لیے قابل تقلید بھی ہے۔ اپووا کانفرنسز، سالانہ ورکشاپس اپووا پبلی کیشنسیاحتی دوروں اور اپووا میگزین کے بارے میں جاننے کے بعد گورنر پنجاب نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اپووا کو گھٹا ٹوپ معاشرے میں روشنی کی کرن قرار دیا۔تنظیم کے بانی ایم ایم علی نے لکھاریوں کے ویلفیئر کے لیے چند تجاویز بھی گورنر پنجاب کے گوش گزار کیں گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ لکھاریوں کے ویلفیئر کے لیے اپووا کا کام مثالی ہے جسے نہ صرف جاری رہنا چاہیے بلکہ اس کا دائرہ مزید بڑ(بقیہ نمبر 36)

پی ٹی آئی ارکانِ قومی اسمبلی کی بحالی کا فیصلہ معطل

اپیل میں استدعا کی گئی کہ سنگل بینچ کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے

لاہور ہائیکورٹ نے 21 جون تک فریقین سے جواب طلب کرلیا

لاہور(خصوصی رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی ارکانِ قومی اسمبلی کی بحالی کا فیصلہ معطل کر دیا،عدالت نے 21 جون تک فریقین سے جواب طلب کرلیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی ارکان کے استعفوں کی منظوری کا نوٹیفیکیشن کالعدم قرار کے سنگل بینچ کے فیصلے کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت ہوئی،جسٹس شاہد بلال حسن کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے سماعت کی۔لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی ممبران قومی اسمبلی کی بحالی کے فیصلہ کو معطل کر دیا،عدالت نے (بقیہ نمبر 34)

ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے

زلزلے کی شدت 5 اعشاریہ 2 ریکارڈ کی گئی، زلزلہ پیما مرکز

لاہور، اسلام آباد اور پشاور سمیت دیگر علاقوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) ملک کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور،اسلام آباد،راولپنڈی اور پشاور سمیت دیگر شہروں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔اس کے علاوہ گوجرانوالہ،شیخوپورہ،مریدکے،علی پورچٹھہ، پھالیہ،نارووال،سانگلہ ہل اور مانسہرہ میں بھی زلزلہ آیا۔زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 5 اعشاریہ 2 ریکارڈ کی گئی،جبکہ گہرائی 18 کلومیٹر تھی۔اسکردو اور میرپور آزاد کشمیر میں زلزلے کی شدت (بقیہ نمبر 33)

سمندری طوفان کے پیش نظر ساحلی پٹی کے شہروں سے لوگوں کا انخلا رات بھر جاری رہا،

کراچی(نیوز رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سمندری طوفان کے پیش نظر ساحلی پٹی کے شہروں سے لوگوں کا انخلا رات بھر جاری رہا،لوگ اپنے گھر چھوڑنا نہیں چاہتے لیکن ان کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں۔جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعلیٰ نے بتایا کہ کیٹی بندر کی خطرے میں کل 13 ہزار آبادی ہے جس (بقیہ نمبر 38)

بجلی 1 روپیہ 61 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی منظوری

بجلی کی قیمت میں اضافے کا اطلاق جون کے بلوں پر ہوگا، نیپرا

آئی ایم ایف کا مطالبہ یہ تھا پرائمری سرپلس ہونا چاہیے جو نئے بجٹ میں ہے

اسلام آباد(خبر نگار) ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی پھر مہنگی کردی گئی۔تفصیلات کے مطابق نیپرا نے بجلی 1 روپیہ 61 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی منظوری دے دی ہے،نیپرا نے سی پی پی اے کی درخواست پر سماعت کے بعد منظوری دی۔اپریل کے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مہنگی کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی کے نرخ میں اضافے کا اطلاق جون کے بلوں پر ہو گا،جبکہ لائف لائن اور کے الیکٹرک صارفین اضافے سے مستثنیٰ ہوں گے۔سی پی پی اے نے نیپرا کو بجلی کی قیمت میں 2 روپے 1 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست دی تھی۔یاد رہے کہ حکومت نے گیس اور بجلی مزید مہنگی کرنے کا عندیہ دے رکھا ہے،گزشتہ روز وزیر مملکت برائے خزانہ عائشہ غوث پاشا نے بجلی اور گیس کی قیمتوں میں مزید اضافے کا عندیہ دیا،اگر آئی ایم ایف کا معاہدہ نہ ہوا تو پھر بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کرنا پڑے گا۔فارن کرنسی اکاؤنٹس منجمد کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، بجٹ میں ایف بی آر کے(بقیہ نمبر40)

پی این ایس سی کا جہاز ریت میں دھنسنے سے بچ گیا

کراچی(نیوز رپورٹر) پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کا جہاز منوڑہ ٹاور کے قریب ریت میں دھنسنے سے بچ گیا۔پی این ایس سی کے مطابق کوئٹہ جہاز کا انجن پورٹ سے نکلتے وقت اچانک بند ہوگیا،اینکر ڈالنے میں تاخیر پر جہاز ہینگ ٹونگ کی طرح ریت کی جانب آرہا تھا جس پر کراچی پورٹ ٹرسٹ کے 4 ٹگس نے فوری ریسکیو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 42)

دس روز سے جیل کے چھوٹے سے کمرے میں بند ہوں، پرویز الٰہی

طبیعت ٹھیک نہیں، گھر والوں سے ملنے نہیں دیا جارہا، دیکھ لیں کس حالت میں پیش کیا گیا

لاہور(نیوز رپورٹر)صدر پی ٹی آئی پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ دس روز سے جیل کے چھوٹے سے کمرے میں بند ہوں، طبیعت ٹھیک نہیں،گھر والوں سے ملنے نہیں دیا جارہا۔عدالت پیشی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی نے کہا کہ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے،دس روز سے جیل کے چھوٹے سے کمرے میں بند ہوں،جیل کے کمرے میں ہوا کے لئے پنکھا کبھی چلتا ہے،کبھی نہیں، میری گھر والوں سے ملاقات بھی نہیں کروائی جارہی۔تحریک انصاف چھوڑنے(بقیہ نمبر 43)

آئی بی اے کراچی: غیر شادی شدہ 2 خواتین اساتذہ سے امتیازی سلوک / انصاف مانگنے پر شوکاز جاری

کراچی(جنرل رپورٹر) انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن(آئی بی ای) کراچی میں 2 غیر شادی شدہ خواتین اساتذہ کے ساتھ امتیازی سلوک کے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں اور موصولہ شواہد کے مطابق ان خواتین اساتذہ پر ادارے میں رہائش یا سکونت کے مواقع ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ ابتدا میں انھیں رہائش سے بےدخل کرنے کے لیے اقدامات کیے گئے اور غیر شادی شدہ خواتین کو وزیٹنگ فیکلٹی ریزیڈنس سے نکل کر گرلز ہاسٹل میں منتقل ہوجانے کی ہدایت کی گئی جہاں یہ اساتذہ ادارے کی طالبات (بقیہ نمبر39)

معزز عدالت کا ایڈووکیٹ عثمان قریشی کے مدلل دلائل سے اتفاق

استغاثہ اپنا کیس ثابت کرنے میں ناکام منشیات کیس میں نامزد ملزم بری

گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے ماہر فوجداری ایڈووکیٹ عثمان قریشی کی ایک اور کامیابی

گوجرخان(قمر شہزاد) گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے ماہر فوجداری ایڈووکیٹ عثمان قریشی کی ایک اور کامیابی تھانہ گوجرخان جھوٹے منشیات کیس میں نامزد ملزم طاہر محمود کو عدالت نے بری کر دیا تھانہ گوجرخان کے معروف مقدمہ منشیات میں نامزد ملزم طاہر محمود کے خلاف مورخہ 20-2-2022 کو مقدمہ نمبر 173/22 بجرم 9c تھانہ گوجرخان میں درج ہوا جس میں طاہر محمود کو نامزد FIR کیا گیا اور الزام لگایا گیا کہ ملزم سےبھاری مقدار میں چرس برآمد ہوئی مقدمے کا ٹرائل معزز عدالت کے ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان سعادت حسین ملک کی کورٹ میں ہوا عثمان قریشی ایڈووکیٹ نے مدلل و مضبوط دلائل سے استغاثہ کا موقف جھوٹا ثابت کیا ایڈیشنل سیشن جج سعادت حسین ملک نے ملزم کے(بقیہ نمبر 37)

قاسم کے ابا کا جھوٹ بے نقاب ہوگیا، نگران وزیر عامر میر

عبدالرحیم کو گردن توڑ بخار ہے، وہ سروسز ہسپتال میں 18 مئی سے زیر علاج ہے، نگران وزیر اطلاعات

عبدالرحیم کے جسم پر رتی برابر بھی تشدد کا نشان نہیں، نگران وزیر عامر میر کا چیئرمین پی ٹی آئی کے الزامات پر ردعمل

لاہور(خبر نگار) نگران وزیر اطلاعات پنجاب عامر میر کا کہنا ہے کہ قاسم کے ابا کا جھوٹ بے نقاب ہوگیا۔ عبدالرحیم کی حالت خطرے سے باہر ہے۔نگران وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عامر میر نے بتایا کہ قاسم کے ابا کی ہمشیرہ کا باورچی عبدالرحیم موت وحیات کی کشمکش میں ہونے کا دعویٰ جھوٹا ہے۔عبدالرحیم کو گردن توڑ بخار ہے وہ سروسز ہسپتال میں 18 مئی سے زیر علاج ہے اور 23 مئی سے وینٹی لیٹر پر ہے۔عبدالرحیم کے جسم پر رتی برابر بھی تشدد کا نشان نہیں ہے اور اس کی سٹی سکین رپورٹ بھی موجود ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ قاسم کے ابا نے 9 مئی کے واقعات (بقیہ نمبر 44)

BOARD OF INTERMEDIATE & SECONDARY EDUCATION, HYDERABAD SINDH
BISEH
Board of Intermediate & Secondary Education, Hyderabad Sindh
حیدرآباد: سمندری طوفان: حیدرآباد تعلیمی بورڈ کے تحت 14 سے 16 جون تک پرچے ملتوی

الیکشن کمیشن کے پی کے افسران پر مہربان افسران کیلئے 23 ملین سے زائد کا اعزازیہ منظور کرلیا

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) الیکشن کمیشن کے پی کے افسران پر مہربان، خیبرپختونخوا کے افسران کیلئے 23 ملین سے زائد کا اعزازیہ منظور کرلیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق لیکشن کمیشن کی جانب سے 23 ملین سے زائد کا اعزازیہ منظور کیا گیا،الیکشن کمیشن خیبرپختونخوا کے 42 افسران کو ایک ماہ کی تنخواہ کے برابر اعزازیہ ملے گا اعزازیہ کی منظوری چیف الیکشن کمشنر کی جانب سے دی گئی ہے۔

روسی تیل کی ادائیگی چینی کرنسی میں کی گئی، اب تک 6000 بیرل تیل جہاز سے اتارلیا گیا، وزارت پیٹرولیم

کراچی(جنرل رپورٹر) روس سے آنے والا تیل کی جہاز سے آف لوڈنگ کا عمل جاری اور اب تک 6000 بیرل تیل جہاز سے اتارلیا گیا ہے۔وزارت پیٹرولیم کے ذرائع سے سامنے آنے والی اطلاع کے مطابق روس سے خریدے گئے تیل کی ادائیگی معاہدے کے تحت ڈالر کے بجائے چینی کرنسی میں کی گئی ہے۔وزارت کے ذرائع نے بتایا کہ روسی تیل سے پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات (بقیہ نمبر 41)

SUPREME COURT OF PAKISTAN
اسلام آباد: سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کیخلاف حکم امتناع میں ایک ماہ کی توسیع

ڈی جی رینجرز سندھ کا سجاول، ٹھٹھہ اور بدین کی ساحلی پٹی کا دورہ

فری میڈیکل کیمپ، امدادی اشیا کی منظم ترسیل، شہریوں کے محفوظ انخلاء کی ہدایات

کراچی(نیوز رپورٹر) ڈی جی رینجرز سندھ نے شاہ بندر سجاول، ٹھٹھہ اور بدین کی ساحلی پٹی کا دورہ کر کے شہریوں کے محفوظ انخلاء کی ہدایات دیں۔ترجمان کے مطابق ڈی جی رینجرز سندھ نے سرحدی سیکٹر کمانڈرز اور ونگ کمانڈرز کے اجلاس کی صدارت کی، ڈی جی کی ہدایت پر ساحلی علاقوں کے عوام کی محفوظ مقامات پر منتقلی جاری ہے۔ترجمان نے کہا کہ رینجرز اور سول انتظامیہ کی جانب سے عوام کے محفوظ انخلا کے لئے لاؤڈ سپیکر پر اعلانات بھی کرائے گئے ہیں۔ڈی جی رینجرز نے فری میڈیکل کیمپ، امدادی اشیا کی منظم ترسیل اور ڈسٹرکٹ سطح پر سول انتظامیہ کے ساتھ کنٹرول روم قائم کرنے کی بھی ہدایات دی ہیں۔

66 ہزار 847 پاکستانی عازمینِ حج سعودی عرب میں پہنچ گئے

سعودی عرب آمد کیلئے فلائٹ آپریشن 21 جون تک جاری رہے گا

مکہ مکرمہ(نیوز ڈیسک) فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے 66 ہزار 847 پاکستانی عازمینِ حج سعودی عرب پہنچ گئے۔ترجمان مذہبی امور کے مطابق 58 ہزار سرکاری حج سکیم جبکہ 8 ہزار 800 پرائیویٹ سکیم کے عازمین سعودی عرب میں موجود ہیں۔پیر اور منگل کی درمیانی شب تک 10 حج پروازوں سے مزید 3 ہزار 44 سرکاری عازمین(حج مکہ مکرمہ پہنچیں گے۔سرکاری و نجی عازمینِ حج کی(بقیہ نمبر 45)

لاہور: لاہور ہائیکورٹ: پی ٹی آئی کے ارکان قومی اسمبلی کی بحالی کا فیصلہ معطل

پی ٹی آئی ارکان قومی اسمبلی کی بحالی کا فیصلہ معطل

لاہور(جنرل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی ارکان قومی اسمبلی کی بحالی کے فیصلے کو معطل کردیا۔لاہور ہائی کورٹ کے 2 رکنی بینچ نے سیکرٹری قومی اسمبلی کی انٹرا کورٹ اپیل (بقیہ نمبر 46)

لاہور ہائی کورٹ نے پرویز الٰہی کے جسمانی ریمانڈ کا فیصلہ معطل کردیا

لاہور(نیوز رپورٹر) عدالت نے پرویز الٰہی کو دوبارہ جسمانی ریمانڈ کیلئے پیش کرنے کا سیشن عدالت کا فیصلہ معطل کردیا۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس وحید خان نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کے دوبارہ جسمانی ریمانڈ کیخلاف اپیل کی سماعت کی۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ جوڈیشل مجسٹریٹ نے قانونی طور پر پرویز الٰہی کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھجوایا، انہوں نے جوڈیشل ریمانڈ کے بعد ضمانت کیلئے درخواست دی، محکمہ اینٹی کرپشن (بقیہ نمبر 47)

انتخابات آئینی مدت پوری ہونے کے بعد ہوں گے

نواز شریف پاکستان ضرور واپس آئیں گے، پروفیسر احسن اقبال

لاہور(نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک میں انتخابات آئینی مدت پوری ہونے کے بعد ہوں گے، انتخابات کروانا کسی کے چاہنے یا نہ چاہنے کی بات نہیں، نواز شریف پاکستان ضرور واپس آئیں گے، ن لیگ اپنے پلیٹ فارم سے آئندہ انتخابات لڑے گی، نفرت وانتہا پسندی کی سیاست نے ملک کو نقصان پہنچایا، ایک سیاسی جماعت اور اس کے رہنما نے ملک میں نفرت کی سیاست کو پروان چڑھایا، مسلم لیگ(ن) نے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑی اور امن بحال کیا، مسلم لیگ(ن) نے پسماندہ علاقوں کے بچوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کی سہولت فراہم کی، سی پیک کے تحت پاکستان میں اربوں روپے کی سرمایہ کاری ہوئی، دہشت گردی کے خلاف بے پناہ جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب یونیورسٹی لاہور میں اکیڈمک ریسرچ بلاک کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک (بقیہ نمبر 48)

طوفان کی شدت برقرار رہی تو مزید حفاظتی اقدامات کریں گے، چیئرمین NDMA

دنیا میں جہاں بھی سائیکلون آتے ہیں وہاں کا حل لوگوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنا ہے، چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

بدین سے ملنے والی رپورٹ کے مطابق ہواں میں شدت ہے، حیدرآباد میں ٹریفک کی روانی متاثر ہے، جنرل انعام حیدر

اسلام آباد(خبر نگار) چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی) این ڈی ایم اے (لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر نے کہا ہے کہ دنیا میں جہاں بھی سائیکلون آتے ہیں وہاں کا حل لوگوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنا ہے،اس معاملے میں 50 سے 60 ہزار لوگوں کے نقل مکانی کا امکان ہے۔وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی شیری رحمان اور وزیر توانائی خرم دستگیر کے ساتھ میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر نے کہا ہے کہ پر جوائے طوفان کا رخ شمال مشرق کی طرف ہے، وقت کے ساتھ ہوا میں شدت آ رہی ہے، بدین سے ملنے والی رپورٹ کے مطابق ہواں میں شدت ہے، حیدرآباد میں ٹریفک کی روانی متاثر ہے۔انہوں نے مزید کہا ہے کہ وزیراعظم نے نیشنل کلائمیٹ ایمرجنسی کمیٹی بنائی ہے، جس میں این ڈی ایم اے، صوبائی حکومت، محکمہ موسمیات اور سندھ کے نمائندے شامل ہیں، جوائنٹ انفارمیشن سینٹر کام کر رہا ہے، طوفان کی شدت میں اضافہ ہوا تو فضائی ٹریفک کو بھی کنٹرول کیا جائے گا، سندھ کے تمام ہسپتالوں میں الرٹ جاری کر دیا گیا، سندھ نے اضافی امداد کا بندوبست کر رکھا ہے۔لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر نے کہا ہے کہ بین الاقوامی این جی اوز کے ساتھ بھی ہم نے تمام معلومات شیئر کی ہیں، ہم نے زیادہ سے زیادہ افراد کا تحفظ یقینی بنانا ہے، کل تک طوفان کی شدت ا(بقیہ نمبر49)

وزیر مملکت خارجہ امور کی برسلز میں 2 یورپی یونین کمشنرز سے ملاقاتیں

پاکستان۔ای یو ری ایڈمیشن معاہدے پر عمل درآمد میں تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

تجارت میں اضافے سے پاکستان میں ترقی، غربت کے خاتمے میں مدد ملی ہے، حنا ربانی کھر

برسلز/ اسلام آباد(خبر نگار) وزیر مملکت حنا ربانی کھر نے کہا ہے کہ امید ہے یورپی یونین ابھرتے عالمی چیلنجز، غیر روایتی سلامتی کے خطرات سے نمٹنے میں قائدانہ کردار ادا کرے گی، یورپی یونین سے تجارت میں اضافے سے پاکستان میں ترقی، غربت کے خاتمے میں مدد ملی ہے۔نجی ٹی وی کے مطابق وزیر مملکت خارجہ امور حنا ربانی کھر نے دورہ بلجیم کے دوران برسلز میں یورپین کمشنر برائے کرائسز مینجمنٹ اور داخلہ امور کے یورپین کمشنر سے ملاقات کی۔وزیر مملکت کھر نے یورپی کمشنر برائے کرائسز مینجمنٹ سے ملاقات میں مطالبہ کیا کہ وہ پاکستان میں یورپی یونین کی سیلاب سے متعلق امدادی سرگرمیوں سے متعلق ہونے والی بات چیت پر عمل کیا جائے۔وزیر مملکت نے سیلاب کے بعد یورپی شہری تحفظ کے طریقہ کار کو فعال کرنے پر یورپی یونین کا شکریہ ادا کیا، فریقین نے ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور اس سے نمٹنے کی صلاحیت کی تعمیر میں تعاون کے مزید راستے تلاش کرنے پر اتفاق کیا۔حنا ربانی کھر نے یورپی کمشنر برائے داخلہ امور یلوا جوہانسن سے ملاقات میں مائیگریشن اینڈ موبلیٹی ڈائیلاگ کے بہترین استعمال پر تبادلہ خیال کیا جس میں ہنر مند افرادی قوت کی قانونی نقل مکانی کے مواقع بھی شامل ہیں۔ملاقات میں پاکستان ای یو ری ایڈمیشن(بقیہ نمبر 52)

چینی کمپنی نے سیف سٹی کے غیر فعال کیمرے ٹھیک کرانے کی ذمہ داری اٹھالی

لاہور(نیوز رپورٹر) چینی ٹیکنالوجی کمپنی (ہواوی) نے سیف سٹی پراجیکٹ لاہور کے غیر فعال کیمروں کو ٹھیک کرانے کی ذمہ داری اٹھالی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا چینی کمپنی کے عہدیداران کے ساتھ اجلاس ہوا جس میں چیف آپریٹنگ آفیسر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کامران خان، چینی ونجی کمپنیوں کے نمائندوں اور متعلقہ افسران (بقیہ نمبر 51)

انکم ٹیکس آرڈیننس میں نئے سیکشن 146 ڈی ڈالنے کی تجویز پر غور

اگر کمپنی وزارتِ خزانہ کو اپنے ذمے واجبات ادا نہ کرے تو ایف بی آر وصولی کرے گا

اجلاس میں کہا کہ اس کے حل کے لیے یہ اختیار ایف بی آر کے حوالے کرنے کی تجویز ہے

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) چیئرمین سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ کے اجلاس میں انکم ٹیکس آرڈیننس میں نئے سیکشن 146 ڈی ڈالنے کی تجویز پر غور کیا گیا۔اجلاس میں ٹیکس حکام نے کہا کہ اگر کمپنی وزارتِ خزانہ کو اپنے ذمے واجبات ادا نہ کرے تو ایف بی آر وصولی کرے گا، اگر کوئی آئل کمپنی پیٹرولیم لیوی جمع نہ کرے تو وزارتِ خزانہ کے پاس وصولی کا طریقہ کار نہیں۔ٹیکس حکام نے اجلاس میں کہا کہ اس کے حل کے لیے یہ اختیار ایف بی آر کے حوالے کرنے کی تجویز ہے، اس قانون کے تحت بڑی ریکوری کی جائے گی۔اجلاس میں سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ اس سے آپ مشکل پیدا کر رہے(بقیہ نمبر50)

سمندری طوفان، 20 سے زائد اضلاع میں فوکل پرسن تعینات

تمام ہسپتالوں میں ضروری اقدامات کر لئے گئے ہیں، اس حوالے سے کنٹرول روم ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے آفس میں بنایا گیا

محکمہ صحت کے مطابق ریسکیو 1122 کی کل 322 ایمبولینس روڈ پر موجود ہیں، تمام ہسپتالوں میں ضروری اقدامات کر لئے گئے

کراچی(خبر نگار) سمندری طوفان کے پیش نظر محکمہ صحت سندھ نے 20 سے زائد اضلاع میں فوکل پرسن تعینات کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق سمندری طوفان پر جوائے کے پیش نظر محکمہ صحت سندھ نے 20 سے زائد اضلاع میں محکمہ صحت اور دیگر اداروں سے معاونت کے لئے فوکل پرسن تعینات کر دیئے ہیں۔محکمہ صحت سندھ کے مطابق ایمرجنسی کی صورت میں 4 ہزار 739 ڈاکٹرز اور 12 ہزار سے زائد پیرا میڈیکل سٹاف کو الرٹ کر دیا گیا ہے۔محکمہ صحت کے مطابق ریسکیو 1122 کی کل 322 ایمبولینس روڈ پر موجود ہیں، تمام ہسپتالوں میں ضروری اقدامات کر لئے گئے ہیں، اس حوالے سے کنٹرول روم ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے آفس میں بنایا گیا ہے۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق ایمرجنسی کی صورت میں 4 ہزار 739 ڈاکٹرز اور 12 ہزار سے زائد پیرامیڈیکل سٹاف کو الرٹ کر دیا گیا ہے۔محکمہ صحت کے مطابق ریسکیو 1122 کی کل 322 ایمبولینس روڈ پر موجود ہیں، تمام ہسپتالوں میں ضروری اقدامات کر لئے گئے (بقیہ نمبر 53)

نظم وضبط قائم رکھے بغیر ادارے ترقی نہیں کر سکتے: ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

فیصل آباد(نیوز رپورٹر) وقت کی پابندی لازم و ملزوم ہے کسی بھی آرگنائزیشن کی ترقی وترویج کیلئے ڈسپلن کو کلیدی حیثیت حاصل ہوتی ہے جہاں نظم وضبط نہیں ہوگا وہ ادارہ کسی بھی صورت ترقی کی منازل طے نہیں کرسکتا ان خیالات کا اظہار ڈ(بقیہ نمبر54)

اسلام آباد: سمندری طوفان: کراچی والے گھبرائیں نہیں، احتیاطی تدابیر اختیار کریں: شیری رحمان

سمندری طوفان پر جوائے کی شدت کم ہوئی ہے، شیری رحمٰن

شیری رحمٰن کی چیئرمین این ڈی ایم اے کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی رابطہ سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ سمندری طوفان پر جوائے کی شدت کم ہوئی ہے تاہم اس سے منسلک خطرات بدستور برقرار ہیں، اس حوالے سے کسی بھی قسم کی افراتفری سے اجتناب برتتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہوں گی، صورتحال کے پیش نظر محتاط اور چوکنا رہنے اور لوگوں کو اس بارے مسلسل آگاہی دینے کی ضرورت ہے، خطرے سے دوچار علاقوں سے لوگوں کے انخلا اور ان کی محفوظ مقامات پر منتقلی کیلئے ریلیف کیمپس کے قیام سمیت ضروری اقدامات شروع کر دیئے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ سمندری طوفان پر جوائے کی شدت کم ہوئی ہے تاہم اس سے(بقیہ نمبر 63)

اوپن مارکیٹ میں ڈالر 7 روپے سستا ہوکر 298 روپے پر آگیا

اسٹیٹ بینک کے اقدامات کی وجہ سے ڈالر اوپن مارکیٹ میں سستا ہوا ہے

کراچی(نیوز رپورٹر) اوپن مارکیٹ میں ڈالر 7 روپے سستا ہوکر 298 روپے پر آگیا ہے۔ میڈیا کے مطابق اوپن مارکیٹ میں ڈالر 7 روپے سستا ہوکر 298 روپے پر آگیا، گزشتہ روز ڈالر کی قدر 305 روپے تھی، اسٹیٹ بینک کے اقدامات کی وجہ سے ڈالر اوپن مارکیٹ میں سستا ہوا ہے۔روپے کی قدر بڑھنے کے بعد ڈالر کی قیمت کم ہوکر 298 روپے پر آچکی ہے۔ڈالر کی قدر مزید گر(بقیہ نمبر 64)

اوکاڑہ ڈی پی او کی زیر صدارت تھانہ صدر اوکاڑہ میں کرائم میٹنگ

ہر سنگین مقدمے کی تفتیش میرٹ کے مطابق فوری مکمل کی جائے۔ڈی پی او منصور امان

اوکاڑہ(کرائم رپورٹر) ڈی پی او اوکاڑہ کی زیر صدارت تھانہ صدر اوکاڑہ میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر ڈی پی او اوکاڑہ نے سستی لاپرواہی کی بنا پر متعدد افسران کو شوکاز نوٹس جاری کردیے میٹنگ میں ڈی ایس پی صدر سرکل جاوید اقبال ، اے ایس پی کیپٹن (ر) عامر شوکت، ڈی ایس پی لیگل کلیم اللہ اور تھانہ کے تمام تفتیشی افسران کی شرکت ڈی پی او منصور امان نے تھانہ صدر کے سنگین مقدمات کے مدعیان سے خصوصی طور پر بات کی ڈی پی او نے ہر سنگین مقدمے کی تفتیش میرٹ کے مطابق جلد جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی سستی اور لاپرواہی کا مظاہرہ کرنے پر SI فضل کریم SI طاہر بشیر اور HC محمد اقبال کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے۔ ڈی ایس پی لیگل کلیم اللہ اور تھانہ کے تمام تفتیشی افسران کی شرکت ڈی پی او منصور امان نے تھانہ صدر کے سنگین مقدمات کے مدعیان سے خصوصی طور پر بات کی ڈی پی او نے ہر سنگین مقدمے کی تفتیش میرٹ کے مطابق جلد جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی سستی اور لاپر(بقیہ نمبر55)

ریاست جموں کشمیر اولیاء اور شہداء کی سرزمین ہے۔ڈاکٹر توقیر گیلانی

سیری(جنرل رپورٹر) جموں کشمیر لبریشن فرنٹ کے زونل صدر ڈاکٹر توقیر گیلانی نے کہا ہے کہ ریاست جموں کشمیر اولیاء اور شہداء کی سرزمین ہے۔اولیاء اور شہداء بے خوف ہوکر اپنے کردار سے لوگوں کی راہنمائی کرتے ہیں۔ وہ سملار، کھوئیرٹہ میں صوفی صلاح محمد کے سالانہ عرس کی تقریب (بقیہ نمبر 62)

پاکستان اور کویت کا فوجی ودفاعی شعبوں میں تعاون بڑھانے کا معاہدہ

کویت سٹی(نیوز ڈیسک) پاکستان اور کویت کے درمیان فوجی و دفاعی شعبوں میں تعاون بڑھانے کا معاہدہ ہوگیا۔کویت اور پاکستان کی مسلح افواج نے کویتی وزارت دفاع کے ہیڈکوارٹر میں ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں، اس معاہدے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان فوجی اور دفاعی شعبوں (بقیہ نمبر 65)

فیصلہ نظرثانی قانون فوری معطل کرنے کی استدعا مسترد، پی ٹی آئی کی فریق بننے کی درخواست منظور

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ نے ججمنٹ ری ویو ایکٹ فوری معطل کرنے کی استدعا مسترد کردی۔تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے پنجاب انتخابات فیصلے کیخلاف الیکشن کمیشن کی نظر ثانی اور ریو آف ججمنٹس کیس کی سماعت کی۔وکیل الیکشن کمیشن نے موقف اختیار کیا کہ مو(بقیہ نمبر 56)

ورلڈ بنک کی ٹیم کا فیصل آباد کی تحصیل جڑانوالہ کا خصوصی دورہ

فنڈنگ سے جاری تعمیراتی کاموں اور اقدامات کا جائزہ لیا

فیصل آباد(جنرل رپورٹر) ورلڈ بنک کی ٹیم نے فیصل آباد کی تحصیل جڑانوالہ کا خصوصی دورہ کیا اور فنڈنگ سے جاری تعمیراتی کاموں اور اقدامات کا جائزہ لیا۔سینئر پروگرام آفیسر مسز رضوان انجم نے دورہ کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈنگ کمپنی کے زیر اہتمام ورلڈ بینک کی گرانٹ میونسپل کمیٹی جڑانوالہ میں لگائی جائے گی جس سے جڑانوالہ پنجاب کی سہولیات کے حوالے سے مثالی تحصیل ہوگی۔اس موقع پر پروگرام آفیسر مسز تہمینہ، ری سیٹلمنٹ ایکسپرٹ مسٹر پرو(بقیہ نمبر 61)

حکومتی نااہلی کے باعث راولپنڈی اسلام آباد میں آٹے کا بحران سراٹھانے لگا

راولپنڈی(نیوز رپورٹر) حکومتی لاپرواہی، نااہلی کے باعث جڑواں شہروں میں ایک مرتبہ پھر آٹا بحران کا خدشہ، گزشتہ پانچ دن سے راولپنڈی اسلام آباد کی ملز کو گندم پرمنٹ جاری نہیں کئے جاسکے۔ ذرائع کے مطابق پرمٹ نہ ملنے سے آٹا (بقیہ نمبر 57)

حریم شاہ ویڈیو لیک کیس، صندل خٹک کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) ٹک ٹاکر حریم شاہ کی نازیبا ویڈیو لیک کرنے کے الزام میں گرفتار صندل خٹک کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا۔ایف آئی اے نے صندل خٹک کو سینئر سول جج محمد شبیر بھٹی کی عدالت میں پیش کیا (بقیہ نمبر 60)

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے اوور چارجنگ پر ایک ڈرائیور گرفتار کرلیا جبکہ گاڑی ضبط کر لی گئی

اسلام آباد(اسپیشل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے نظرثانی شدہ/ کم شدہ نرخوں کے نفاذ کے لیے اپنے دائرہ اختیار میں مختلف اڈوں)بس اسٹاپ (کا معائنہ کیا ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے اوورچارجنگ پر ایک ڈرائیور گرفتار کرلیا جبکہ گاڑی ضبط کر لی گئی، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ (بقیہ نمبر58)

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ کررہے ہیں

آرمی ایکٹ کے تحت مقدمات چلانے کے تجربات دوبارہ نہ دہرائے جائیں، رضا ربانی

9 مئی واقعات کے ذمے داروں کے خلاف آرمی ایکٹ کے تحت مقدمات چلانے سے گریز کیا جائے

آئی ایم ایف نے کہا کہ تصدیق کرنا چاہتے ہیں کہ قرضہ چین کو ادائیگیوں کیلئے استعمال تو نہیں ہوگا، رہنماء پیپلز پارٹی

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ 9 مئی واقعات کے ذمے داروں کے خلاف آرمی ایکٹ کے تحت مقدمات چلانے سے گریز کیا جائے، ہم پہلے یہ تجربے کر چکے جو ناکام ہوئے ہیں، یہ تجربات دوبارہ نہ دہرائے جائیں۔سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت گول پوسٹ کو آگے بڑھا دیتی ہے، آئی ایم ایف بین الاقوامی سامراج کے ایجنٹ کا کردار ادا کرتی ہے، بین الاقوامی سامراج کو پاکستان اور چین کے تعلقات کھٹک رہے ہیں۔پیپلز پارٹی کے رہنما نے مزید کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے کہا کہ تصدیق کرنا چاہتے ہیں کہ قرضہ چین کو ادائیگیوں کیلئے استعمال تو نہیں ہوگا، مجھے لگتا ہے کہ آئی ایم ایف سے معاہدہ نہیں ہوگا، پاکستان کو آئی ایم ایف اور بین الاقوامی سامراج کے چنگل سے نکلنا ہوگا، چھوٹے صوبوں کے ساتھ پھر امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ترقیاتی فنڈز کو کم کیا گیا ہے، میرا مطالبہ (بقیہ نمبر 59)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035